DIRECTORATE
GENERAL PUBLIC REALTEIONS
BALOCHISTAN

نظامتِ اعلیٰ تعلقاتِ عامہ
حکومتِ بلوچستان

NO.DGPR(PRESS CLIPPING)/ 677

DATED 05.08.2026.

**SUBJECT:- PRESS CLIPPINGS.**

*kindly find enclosed here with a set of press clipping of Local/National Newspapers for information and necessary action.*

*for* **(Director General)**

***The Press Secretary to***
*Chief Minister, Balochistan, Quetta.*

RAMZAY ROAD QUETTA

PHONE NO: 081-9202548-9201615-9201956, FAX NO:081-9201108
e-mail: dgprquettabalochistan@.com, dgprquetta.advt@gmail.com

CamScanner

DIRECTORATE
GENERAL PUBLIC RELATIONS
BALOCHISTAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

مورخہ 05.08.2026

| اخبارات | اہم قومی ومقامی خبریں | نمبرشمار |
|---|---|---|
| جنگ ودیگراخبارات | صوبے کے لئے قابل اعتماد فضائی رابطے بہت ضروری ہے، گورنر | 01 |
| سینچری ودیگراخبارات | بلوچستان حکومت کے ترقیاتی اہداف حاصل 2966 منصوبے مکمل 28 ارب روپے کی بچت | 02 |
| جنگ ودیگراخبارات | پاکستان کا ہرشہری کشمیری بھائیوں کے ساتھ ہے، بخت محمد کاکڑ | 03 |
| جنگ ودیگراخبارات | عوام کے اعتماد کو ہرگز ٹھیس نہیں پہنچائیں گے، صادق عمرانی | 04 |
| مشرق ودیگراخبارات | ن لیگ مسائل کے دیرپا حل پر یقین رکھتی ہے، محمد خان لہڑی | 05 |
| مشرق ودیگراخبارات | 5اگست مقبوضہ جموں وکشمیر کی تاریخ کا سیاہ ترین دن ہے، نور محمد دمڑ | 06 |
| مشرق ودیگراخبارات | بی آر اے کو فعال ٹیکس وصولی کا دائرہ پورے بلوچستان تک بڑھانے کا فیصلہ | 07 |
| جنگ ودیگراخبارات | دوسال کے دوران بلوچستان میں تاریخی اصلاحات متعارف کرائی گئیں، ظہور بلیدی | 08 |
| جنگ ودیگراخبارات | بلوچستان کی ترقی کا دارومدار قبائل کے اتحاد میں ہے، لیاقت لہڑی | 09 |
| جنگ ودیگراخبارات | بلوچستان میں اہم 8 منصوبے، سرحدی تجارت کو تقویت ملے گی، علیم خان | 10 |
| جنگ ودیگراخبارات | ترقیاتی منصوبوں کی بروقت تکمیل اور قیمتوں پر کنٹرول یقینی بنایا جائے، چیف سیکرٹری | 11 |
| جنگ ودیگراخبارات | بلوچستان اور خیبر پختونخو میں امن وامان کی صورتحال تشویشناک، ایچ آر سی پی | 12 |
| جنگ ودیگراخبارات | چین نے سینڈک کاپر گولڈ پروجیکٹ پر کام بند نہیں کیا خبروں میں صداقت نہیں | 13 |
| جنگ ودیگراخبارات | بلوچستان اسمبلی کا اجلاس آج ہوگا | 14 |
| جنگ ودیگراخبارات | جامعہ مکران مستحق طلباو طالبات میں اسکالرشپ لیٹر کی تقسیم | 15 |
| جنگ ودیگراخبارات | ہم اپنے قومی اختیار وحقوق سے دستبردار ہونگے، نوابزادہ لشکری رئیسانی | 16 |
| جنگ ودیگراخبارات | جماعت اسلامی سلگتے مسائل کے حل کیلئے کوشاں ہے، مولانا ہدایت الرحمٰن | 17 |

## امن وامان:

خاران شوروم میں ڈکیتی کی واردات چور سات موٹر سائیکلیں لے اڑے، کوئٹہ سیٹلائٹ ٹاؤن میں موٹر سائیکل سواروں کی فائرنگ سے دوافراد زخمی

## عوامی مسائل:

خضدار غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ سے عوام کو مشکلات کا سامنا، خضدار پٹرولیم قیمتوں میں اضافہ فیصلہ واپس لیا جائے، عوامی حلقے، پنجگور دیہی یونین کونسلز کے عوام سڑکوں کی سہولت سے محروم

CamScanner

DIRECTORATE
GENERAL PUBLIC RELATIONS
BALOCHISTAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

مورخہ 05.08.2026

**اداریہ:**

روزنامہ آزادی کوئٹہ نے "**وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کا چیف منسٹر یوتھ ایمپلائمنٹ پروگرام ،ایک انقلابی قدم** "کے عنوان سے اداریہ تحریر کیا ہے کہ بلوچستان کے نوجوانوں کو جدید تکنیکی علوم سے آراستہ کرنے اور انہیں روزگار کے پائیدار مواقع فراہم کرنے کیلئے وزیر اعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے چیف منسٹر یوتھ ایمپلائمنٹ پروگرام کے تحت ایک تاریخی اور احسن اقدام کا آغاز کر دیا ہے اس پروگرام کے تحت صوبہ بھر کے 1000 ہونہار اور باصلاحیت نوجوانوں کو پاکستان کے نامور اور مایہ ناز سافٹ ویئر ہاؤسز میں عملی تربیت اور باقاعدہ روزگار فراہم کیا جائے گا بی ٹیوٹا اور کیوٹیک کی مشترکہ کاوشیہ فلیگ شپ پروگرام بلوچستان ٹیکنیکل ایجوکیشن اینڈ ووکیشنل ٹریننگ اتھارٹی (B-TEVTA) کی زیرنگرانی کیوٹیک (Q- Tech) کے اشتراک سے مکمل کیا جارہا ہے پروگرام کے شفاف انعقاد کیلئے آن لائن پورٹل کے ذریعے درخواستیں موصول کی گئی تھیں جس کے بعد اب عمل درآمد کے اگلے مرحلے کا باقاعدہ آغاز ہو چکا ہے شفافیت اور میرٹ کو یقینی بنانے کیلئے گزشتہ تین روز سے بلوچستان کے تمام اضلاع سے آئے ہوئے ہزاروں طلبہ وطالبات کے شارٹ لسٹنگ ٹیسٹ اور انٹرویوز جاری ہیں صوبے کے دور دراز اضلاع سے تعلق رکھنے والے نوجوانوں کو بڑی تعداد میں شرکت اس بات کا ثبوت ہے کہ صوبے میں تکنیکی شعبے کی طرف رغبت میں اضافہ ہو رہا ہے اس منفرد اور انقلابی پروگرام کی سب سے اہم خصوصیت یہ ہے کہ منتخب ہونے والے تمام نوجوانوں کی تربیت ، رہائش اور دیگر تمام تر اخراجات حکومت بلوچستان ، پی ٹیوٹا کے توسط سے خود برداشت کرے گی۔

**اداریے :**

روزنامہ قدرت کوئٹہ نے "**بلوچستان کی حقیقی تصویر ...امن ، ترقی اور اعتماد کی بحالی کا مشترکہ امتحان** "کے عنوان سے اداریہ تحریر کیا ہے۔

روزنامہ بلوچستان ٹائم کوئٹہ نے "Inflation Crisis "کے عنوان سے اداریہ تحریر کیا ہے۔

**مضامین :**

روزنامہ باخبر کوئٹہ نے "**ضلع کیچ میں بلوچستان اسپیشل ڈویلپمنٹ انیشٹیو(BSDI)ترقیاتی فنڈز اور عوامی توقعات** "کے عنوان سے چاکر بلوچ کا مضمون تحریر کیا ہے۔

برائے ڈائریکٹر جنرل
نظامت تعلقات عامہ بلوچستان

CamScanner

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. 1 Dated: 05 AUG 2026 Page No. 1


## گورنر بلوچستان سے موسیٰ خیل کے قبائلی عمائدین کی ملاقات

**معززین نے حالیہ انتظامی تبدیلیوں پر اپنے تحفظات سے آگاہ [illegible]**

کوئٹہ (آن لائن) گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل سے ......

بقیہ 5 صفحہ نمبر 7 پر

آج گورنر ہاؤس کوئٹہ میں آل پارٹیز [...] کے نمائندوں، قبائلی عمائدین اور ضلع موسیٰ خیل کے مقامی معززین نے ملاقات کی اور حالیہ انتظامی تبدیلیوں پر اپنے تحفظات سے گورنر بلوچستان کو آگاہ کیا۔ وفد نے کہا کہ یونین کونسل [...] اور [...] کو ضلع موسیٰ خیل سے نکال کر [...] میں شامل کر دیے گئے ہیں۔ وفد نے اس بات پر زور دیا کہ یہ علاقے تاریخی طور پر ان کے ضلع موسیٰ خیل کے حصے ہیں۔ [...] کے درمیان مختلف قبائلی دشمنیاں بھی ہیں جن سے خون ریزی پیدا ہو سکتی ہے۔

## صوبے کیلئے قابل اعتماد فضائی رابطے بہت ضروری ہیں، گورنر

**بہتر ہوائی سفر کی سہولیات و مواقع فراہم کرنے سے معاشی سرگرمیوں میں اضافہ ہوگا، روزگار کے مواقع پیدا ہونگے**

**ساؤتھ ایئر لائن کے حکام بلوچستان بھر میں فضائی رابطوں کو مزید بڑھانے پر خصوصی توجہ دیں، جعفر خان مندوخیل**

کوئٹہ (ع ن) گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل نے بلوچستان کے دور افتادہ اضلاع کے عوام کو فضائی سفر کی سہولیات اور خدمات فراہم کرنے پر ساؤتھ ایئر پاکستان کا خیر مقدم کیا اور اس بات پر زور دیا کہ صوبے کیلئے قابل اعتماد فضائی رابطے بہت ضروری ہیں۔ گورنر مندوخیل نے کوئٹہ گوادر روٹ پر ساؤتھ ایئر پروازیں شروع کرنے، گوادر سے ملتان اور اسلام آباد تک فضائی رابطے بڑھانے پر زور دیا۔ زمینی سفر میں بہت سے خطرات درپیش ہیں۔ انہوں نے امید ظاہر کی کہ بہتر ہوائی سفر کی سہولیات و مواقع فراہم کرنے سے معاشی سرگرمیوں ......

بقیہ 20 صفحہ نمبر 7 پر

میں اضافہ ہوگا، روزگار کے مواقع پیدا ہونگے، سیاحت کو فروغ ملے گا اور مقامی کمیونٹیز کو فائدہ پہنچے گا۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے ساؤتھ ایئر لائن پاکستان کے چیف آپریٹنگ آفیسر ایئر وائس مارشل (ریٹائرڈ) اعجاز ملک کی قیادت میں ساؤتھ ایئر پاکستان کے وفد سے ملاقات کے دوران گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ چیف کمرشل آفیسر سراج انور قاضی اور ریجنل ہیڈ عبدالستار اچکزئی بھی ان کے ہمراہ تھے۔ وفد نے گورنر کو ان کے آپریشنز، حفاظتی معیارات، مسافروں کی خدمات اور مستقبل کے توسیعی منصوبوں سے آگاہ کرتے ہوئے محفوظ، آرام دہ اور سستی ہوائی سفر کے عزم کو اجاگر کیا۔

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Bullet No. 1

Page No. 2

THE DAILY JANG QUETTA

روزنامہ جنگ کوئٹہ

بانی میر خلیل الرحمٰن

جلد 55 | بدھ 21 صفر المظفر 1448ھ 5 اگست 2026ء | نمبر 212


# پولیس شہدا قوم کا عظیم سرمایہ اور پاکستان کے ماتھے کا جھومر ہیں، وزیر اعلیٰ

## جانوں کا نذرانہ پیش کر کے وفا، بہادری اور فرض شناسی کی داستانیں رقم کیں، شہداء کو زبردست خراج عقیدت

## بھارت کی جانب سے مقبوضہ کشمیر کی متنازعہ آئینی حیثیت کی تبدیلی سے خطے کے امن کو نقصان پہنچا، پیغامات

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے یوم شہدائے پولیس کے موقع پر کہا ہے کہ پولیس کے شہداء قوم کا عظیم سرمایہ اور پاکستان کے ماتھے کا جھومر ہیں جنہوں نے وطن کے امن، قانون کی بالادستی اور عوام کے جان و مال کے تحفظ کے لیے اپنی جانوں کا نذرانہ پیش کر کے وفا، بہادری اور فرض شناسی کی لازوال داستانیں رقم کیں۔ انہوں نے کہا کہ شہداء کی قربانیاں ہماری قومی تاریخ کا روشن باب ہیں اور قوم ان عظیم قربانیوں کو ہمیشہ عزت و احترام کے ساتھ یاد رکھے گی۔ وزیر اعلیٰ بلوچستان نے کہا کہ بلوچستان پولیس گزشتہ کئی برسوں سے دہشت گردی، انتہا پسندی اور جرائم کے خلاف صف اول میں برسر پیکار ہے۔

کوئٹہ (ط ن) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے یوم استحصال کشمیر کے موقع پر اپنے [illegible] میں کہا ہے کہ 5 اگست 2019 کا غیر قانونی اقدام بین الاقوامی قوانین، اقوام متحدہ کی قراردادوں اور انسانی حقوق کے بنیادی اصولوں کی کھلی خلاف ورزی تھا۔ بھارت کی جانب سے مقبوضہ جموں و کشمیر کی متنازعہ آئینی حیثیت کو یکطرفہ طور پر تبدیل کرنے کا اقدام نہ صرف غیر قانونی ہے بلکہ اس سے خطے کے امن و استحکام کو بھی شدید نقصان پہنچا ہے۔ وزیر اعلیٰ بلوچستان نے کہا کہ یوم استحصال کشمیر کشمیری عوام سے مکمل یکجہتی کے اظہار، ان کی عظیم قربانیوں کو خراج تحسین پیش کرنے اور عالمی برادری کی توجہ مقبوضہ جموں و کشمیر میں جاری انسانی حقوق کی سنگین خلاف ورزیوں کی جانب مبذول کرانے کا دن ہے۔

# بلوچستان حکومت کے ترقیاتی اہداف حاصل، 2966 منصوبے مکمل

**28 ارب روپے کی بچت**

## 2280 ترقیاتی منصوبوں پر کام جاری، بلوچستان کے وسائل کی ایک ایک پائی عوام کی فلاح و بہبود اور پائیدار ترقی پر خرچ کی جائیگی، وزیر اعلیٰ بگٹی

کوئٹہ (ط ن) بلوچستان کی تاریخ میں پہلی بار حکومت بلوچستان نے گزشتہ مالی سال کے دوران بجٹ میں شامل ترقیاتی منصوبوں کی مکمل تکمیل کو یقینی بناتے ہوئے اپنے مقررہ ترقیاتی اہداف کامیابی سے حاصل کر لیے۔ حکومت نے ایک جانب غیر ترقیاتی اخراجات میں 28 ارب روپے کی بچت کی جبکہ دوسری جانب 2966 ترقیاتی منصوبے مکمل کر کے ترقیاتی وسائل کے موثر، شفاف اور نتیجہ خیز استعمال کی [illegible] مثال قائم کی۔ وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی زیر صدارت سیکرٹریز کمیٹی کے اجلاس میں بتایا گیا، جس میں گزشتہ اور رواں مالی سال کے ترقیاتی منصوبوں پر پیش رفت کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ اجلاس میں سینئر وزیر منصوبہ بندی و ترقیات میر ظہور بلیدی، چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان، سیکرٹری منصوبہ بندی و ترقیات، متعلقہ محکموں کے سیکرٹریز اور اعلیٰ حکام نے شرکت کی۔ سینئر وزیر منصوبہ بندی و ترقیات میر ظہور بلیدی نے گزشتہ مالی سال کی کارکردگی رپورٹ وزیر اعلیٰ بلوچستان کو پیش کی۔ چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان نے اجلاس کو تفصیلی بریفنگ دیتے ہوئے بتایا کہ گزشتہ مالی سال کے دوران حکومت نے ترقیاتی منصوبوں کی تکمیل کا مقررہ ہدف مکمل طور پر حاصل کیا۔

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان

Bullet No. 1

Page No. 3


Daily MASHRIQ QUETTA

اللہ ہی کے لئے ہیں مشرق و مغرب (قرآن حکیم)

روزنامہ مشرق کوئٹہ

جلد 55 | بدھ 21 صفر 1448ھ | 05 اگست 2026 | صفحات 08 | شمارہ 24

رجسٹرڈ BC-m-1 | Email mashriqqta2008@gmail.com | PTCL 081-2827345, 081-2827344 | قیمت 40 روپے


## ترقی کے ثمرات صوبے کے ہر ضلع اور شہری تک پہنچائے جائینگے، وزیر اعلیٰ

پائی پائی عوام کی فلاح و بہبود پر لگائی جائے

وزیر اعلیٰ انسپکشن ٹیم اور مانیٹرنگ اینڈ ایویلیوایشن ڈائریکٹوریٹ کی مؤثر نگرانی سے بدعنوانی اور کرپشن کی مؤثر روک تھام ممکن ہوگی، میر سرفراز بگٹی

کوئٹہ۔ (خ ن) بلوچستان کی تاریخ میں پہلی بار حکومت بلوچستان نے گزشتہ مالی سال کے دوران بجٹ میں شامل ترقیاتی منصوبوں کی مکمل تکمیل کو یقینی بناتے ہوئے اپنے مقررہ ترقیاتی اہداف کامیابی سے حاصل کر لیے۔ حکومت نے ایک جانب غیر ترقیاتی اخراجات میں ......... بقیہ 1 صفحہ نمبر 7 پر

28 ارب روپے کی بچت کی جبکہ دوسری جانب 2,966 ترقیاتی منصوبے مکمل کر کے ترقیاتی وسائل کے مؤثر، شفاف اور نتیجہ خیز استعمال کی نئی مثال قائم کی۔ یہ بات وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی زیر صدارت سیکرٹریز کمیٹی کے اجلاس میں بتائی گئی، جس میں گزشتہ اور رواں مالی سال کے ترقیاتی منصوبوں پر پیش رفت کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ اجلاس میں صوبائی وزیر منصوبہ بندی و ترقیات میر ظہور بلیدی، چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان، سیکرٹری منصوبہ بندی و ترقیات، متعلقہ محکموں کے سیکرٹریز اور اعلیٰ حکام نے شرکت کی۔ صوبائی وزیر منصوبہ بندی و ترقیات میر ظہور بلیدی نے گزشتہ مالی سال کی کارکردگی رپورٹ وزیر اعلیٰ بلوچستان کو پیش کی، جبکہ چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان نے اجلاس کو تفصیلی بریفنگ دیتے ہوئے بتایا کہ گزشتہ مالی سال کے دوران حکومت نے ترقیاتی منصوبوں کی تکمیل کا مقررہ ہدف مکمل طور پر حاصل کیا۔ انہوں نے بتایا کہ صوبے کی تاریخ میں پہلی مرتبہ بجٹ میں منظور شدہ ترقیاتی منصوبوں کی مکمل تکمیل یقینی بنائی گئی، جبکہ غیر ترقیاتی اخراجات میں 28 ارب روپے کی بچت کے ساتھ 2,966 ترقیاتی منصوبے پایۂ تکمیل تک پہنچائے گئے۔ اجلاس کو بتایا گیا کہ رواں مالی سال کے دوران 2,280 ترقیاتی منصوبوں پر کام جاری ہے اور تمام منصوبوں کی بروقت تکمیل کے لیے مؤثر مانیٹرنگ اور سخت نگرانی کا نظام وضع کیا گیا ہے۔ وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے ترقیاتی اہداف کے کامیاب حصول پر صوبائی وزیر منصوبہ بندی و ترقیات، چیف سیکرٹری، سیکرٹری منصوبہ بندی و ترقیات اور متعلقہ افسران کی کارکردگی کو سراہتے ہوئے انہیں شاباش دی اور تعریفی اسناد دینے کا اعلان کیا۔ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے وزیر اعلیٰ نے کہا کہ ترقیاتی منصوبوں کی بروقت تکمیل گڈ گورننس، مؤثر مانیٹرنگ اور مضبوط نگرانی کے نظام کا ثمر ہے۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان کے ترقیاتی وسائل کی ایک ایک پائی عوام کی فلاح و بہبود اور پائیدار ترقی پر خرچ کی جائے گی، جبکہ ترقیاتی منصوبوں میں شفافیت، رفتار اور معیار پر کسی قسم کا سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا۔ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ وزیر اعلیٰ انسپکشن ٹیم اور مانیٹرنگ اینڈ ایویلیوایشن ڈائریکٹوریٹ کی مؤثر نگرانی سے بدعنوانی اور کرپشن کی مؤثر روک تھام ممکن ہوگی اور ترقیاتی فنڈز کے شفاف استعمال کو یقینی بنایا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ عوامی مفاد کے منصوبوں کی بروقت تکمیل حکومت بلوچستان کی اولین ترجیح ہے اور ترقی کے ثمرات صوبے کے ہر ضلع اور ہر شہری تک پہنچائے جائیں گے۔ وزیر اعلیٰ نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ رواں مالی سال کے ترقیاتی اہداف بھی مقررہ مدت میں مکمل کیے جائیں گے تاکہ بلوچستان کو ترقی، خوشحالی اور بہتر طرز حکمرانی کی نئی منزلوں کی جانب مزید تیزی سے گامزن کیا جا سکے۔ اجلاس میں صوبائی وزراء میر ظہور احمد بلیدی، میر شعیب احمد نوشیروانی، میر محمد صادق عمرانی، سردار فیصل خان جمالی نے بھی شرکت کی۔

وزیر اعلیٰ نے مسے زئی وسے زئی اور گلستان کو میونسپل کمیٹیوں کا درجہ دینے کے اعلان پر عملدرآمد کرتے ہوئے باقاعدہ نوٹیفکیشن جاری کر دیا

کوئٹہ۔ (خ ن) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی جانب سے مسے زئی وسے زئی اور گلستان کو میونسپل کمیٹیوں کا درجہ دینے کے اعلان پر عملدرآمد کرتے ہوئے حکومت بلوچستان نے تمام قانونی اور انتظامی تقاضے مکمل کرنے کے بعد دونوں نئی میونسپل کمیٹیوں کے قیام کا باقاعدہ نوٹیفکیشن بقیہ 2 صفحہ نمبر 7 پر

جاری کر دیا ہے۔ منگل کے روز وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے عوامی نیشنل پارٹی کے پارلیمانی لیڈر اور رکن صوبائی اسمبلی انجینئر زمرک خان اچکزئی نے ملاقات کی۔ اس موقع پر انجینئر زمرک خان اچکزئی نے مسے زئی وسے زئی اور گلستان کی نئی میونسپل کمیٹیوں کے قیام کے باضابطہ نوٹیفکیشن کے اجرا پر وزیر اعلیٰ کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ انہوں نے عوام سے کیا گیا اپنا وعدہ پورا کر دیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ نئی میونسپل کمیٹیوں کے قیام سے مقامی سطح پر شہریوں کو بہتر بلدیاتی اور میونسپل سہولیات میسر آئیں گی، جبکہ اس اقدام سے مقامی ترقی اور عوامی مسائل کے حل میں بھی نمایاں بہتری آئے گی۔ انہوں نے امید ظاہر کی کہ وزیر اعلیٰ بلوچستان دیگر ایسے علاقوں میں بھی بلدیاتی اداروں کے قیام اور اپ گریڈیشن کے لیے اقدامات کا سلسلہ جاری رکھیں گے جہاں اس کی ضرورت موجود ہے۔ اس موقع پر وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ حکومت کی اولین ترجیح عوام کو بنیادی سہولیات کی فراہمی اور بلدیاتی نظام کو مزید مؤثر بنانا ہے۔ انہوں نے کہا کہ میونسپل سروسز کی بہتری کے لیے اقدامات کا تسلسل برقرار رکھا جائے گا اور قواعد و ضوابط کے مطابق مقررہ معیار پر پورا اترنے والے بلدیاتی اداروں کو مرحلہ وار اپ گریڈ کیا جائے گا۔ وزیر اعلیٰ نے کہا کہ گزشتہ ڈیڑھ سال سے رکن صوبائی اسمبلی انجینئر زمرک خان اچکزئی مسے زئی وسے زئی اور گلستان کی میونسپل کمیٹیوں کے قیام کے لیے مسلسل کوششیں کر رہے تھے، جنہیں آج عملی شکل دے دی گئی ہے۔ انہوں نے کہا کہ حکومت کی کوشش ہے کہ صوبے کے دیگر ایسے علاقوں میں بھی، جہاں رائج قوانین اور مقررہ معیار کے مطابق شرائط پوری ہوتی ہوں، عوامی ضروریات کے پیش نظر بلدیاتی اداروں کا مؤثر اور مضبوط نظام قائم کیا جائے تاکہ شہریوں کو مقامی سطح پر بہتر اور معیاری خدمات فراہم کی جا سکیں کی مؤثر روک تھام ممکن ہوگی اور ترقیاتی فنڈز کے شفاف استعمال کو یقینی بنایا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ عوامی مفاد کے منصوبوں کی بروقت تکمیل حکومت بلوچستان کی اولین ترجیح ہے اور ترقی کے ثمرات صوبے کے ہر ضلع اور ہر شہری تک پہنچائے جائیں گے وزیر اعلیٰ نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ رواں مالی سال کے ترقیاتی اہداف بھی مقررہ مدت میں مکمل کیے جائیں گے تاکہ بلوچستان کو ترقی، خوشحالی اور بہتر طرز حکمرانی کی نئی منزلوں کی جانب مزید تیزی سے گامزن کیا جا سکے اجلاس میں صوبائی وزراء، میر ظہور احمد بلیدی، میر شعیب احمد نوشیروانی، میر محمد صادق عمرانی، سردار فیصل خان جمالی نے بھی شرکت کی۔

## کشمیری عوام کو کبھی تنہا نہیں چھوڑیں گے، وزیر اعلیٰ

انسانی حقوق کی عالمی تنظیمیں کشمیر میں بھارتی مظالم کا نوٹس لیں

5 اگست کا بھارتی یکطرفہ اقدام عالمی قوانین کی خلاف ورزی ہے

کوئٹہ (خ ن) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے یوم استحصال کشمیر کے موقع پر اپنے خصوصی پیغام میں کہا ہے کہ 5 اگست 2019 کا غیر قانونی اقدام بین......... بقیہ 4 صفحہ نمبر 7 پر

الاقوامی قوانین، اقوام متحدہ کی قراردادوں اور انسانی حقوق کے بنیادی اصولوں کی کھلی خلاف ورزی تھا۔ بھارت کی جانب سے مقبوضہ جموں و کشمیر کی متنازعہ آئینی حیثیت کو یکطرفہ طور پر تبدیل کرنے کا اقدام نہ صرف غیر قانونی ہے بلکہ اس سے خطے کے امن و استحکام کو بھی شدید نقصان پہنچا ہے وزیر اعلیٰ بلوچستان نے کہا کہ یوم استحصال کشمیر کشمیری عوام سے مکمل یکجہتی کے اظہار، ان کی عظیم قربانیوں کو خراج تحسین پیش کرنے اور عالمی برادری کی توجہ مقبوضہ جموں و کشمیر میں جاری انسانی حقوق کی سنگین خلاف ورزیوں کی جانب مبذول کرانے کا دن ہے۔ انہوں نے کہا کہ کشمیری عوام گزشتہ کئی دہائیوں سے اپنے حق خود ارادیت کے حصول کے لیے بے مثال قربانیاں دے رہے ہیں، جنہیں پوری پاکستانی قوم سلام پیش کرتی ہے۔ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ پاکستان کا مؤقف واضح، اصولی اور غیر متزلزل ہے کہ مسئلہ کشمیر کا واحد پائیدار حل اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل کی قراردادوں اور کشمیری عوام کی خواہشات کے مطابق آزادانہ اور منصفانہ استصواب رائے میں مضمر ہے۔ انہوں نے کہا کہ طاقت کے استعمال، جبر، محاصرے اور انسانی حقوق کی پامالیوں سے کشمیری عوام کے عزم کو کمزور نہیں کیا جا سکتا۔ وزیر اعلیٰ بلوچستان نے کہا کہ بلوچستان کے عوام اپنے کشمیری بھائیوں اور بہنوں کے ساتھ مکمل یکجہتی کا اظہار کرتے ہیں اور ان کی سیاسی، سفارتی اور اخلاقی جدوجہد کی بھرپور حمایت جاری رکھیں گے۔ انہوں نے کہا کہ پوری پاکستانی قوم کشمیر کے معاملے پر متحد ہے اور کشمیری عوام کو کبھی تنہا نہیں چھوڑے گی۔

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Bullet No. 1

Page No. 4

THE DAILY INTEKHAB (Quetta)
روزنامہ انتخاب کوئٹہ
رجسٹرڈ نمبر ایل سی I-4
قیمت 30 روپے
صفحات 6
www.dailyintekhab.PK
Intekhabnews@gmail.com
Quetta Ph:081-2822909
جلد نمبر 32 | بدھ 05 اگست 2026ء بمطابق 21 صفر 1448ھ | شمارہ نمبر 212

# بلوچستان کے وسائل عوام کی فلاح و بہبود اور ترقی پر خرچ ہونگے

سرفراز بگٹی

کشمیری عوام سے اظہار یکجہتی

## پہلی بار بجٹ میں شامل تمام منصوبے مکمل کئے 28 ارب روپے کی بچت ہوئی، سیکرٹریز کمیٹی اجلاس ترقیاتی اہداف کے حصول پر تعریفی اسناد دینے کا اعلان

## کشمیری عوام کئی دہائیوں سے اپنے حق خودارادیت کے حصول کیلئے بے مثال قربانیاں دے رہے ہیں، پوری پاکستانی قوم سلام پیش کرتی ہے، پیغام

کوئٹہ (آئی این پی) وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی کی زیر صدارت ترقیاتی منصوبوں پر پیش رفت کا جائزہ لینے کے لئے سیکرٹریز کمیٹی کا اجلاس ہوا، جس میں گزشتہ اور رواں مالی سال

بقیہ نمبر 44 صفحہ 5 پر

کے ترقیاتی منصوبوں کی پیشرفت، مالی نظم و ضبط اور منصوبوں کی بروقت تکمیل کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ اجلاس میں چیف سیکرٹری شکیل قادر خان نے بریفنگ دیتے ہوئے بتایا کہ حکومت بلوچستان نے گزشتہ مالی سال کے دوران ترقیاتی منصوبوں کی تکمیل کا مقررہ ہدف کامیابی سے حاصل کر لیا جبکہ صوبے کی تاریخ میں پہلی مرتبہ بجٹ میں منظور شدہ ترقیاتی منصوبوں کی مکمل تکمیل یقینی بنائی گئی۔ اجلاس کے دوران صوبائی وزیر منصوبہ بندی و ترقیات میر ظہور بلیدی نے گزشتہ مالی سال کی کارکردگی رپورٹ وزیراعلیٰ کو پیش کی۔ بریفنگ میں بتایا گیا کہ گزشتہ مالی سال کے دوران غیر ترقیاتی اخراجات میں 28 ارب روپے کی بچت کی گئی اور مجموعی طور پر 2 ہزار 966 ترقیاتی منصوبے مکمل کئے گئے جبکہ رواں مالی سال میں 2 ہزار 280 ترقیاتی منصوبوں پر کام جاری ہے اور تمام منصوبے مقررہ مدت میں مکمل کئے جائیں گے۔ وزیراعلیٰ سرفراز بگٹی نے ترقیاتی اہداف کے کامیاب حصول پر صوبائی وزیر منصوبہ بندی و ترقیات، چیف سیکرٹری، سیکرٹری ترقیات اور متعلقہ افسران کو شاباش دیتے ہوئے انہیں تعریفی اسناد دینے کا اعلان کیا۔ انہوں نے کہا کہ ترقیاتی منصوبوں کی بروقت تکمیل گڈ گورننس، موثر مانیٹرنگ اور مضبوط نگرانی کے نظام کا نتیجہ ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ بلوچستان کے ترقیاتی وسائل کی ایک ایک پائی عوام کی فلاح و بہبود اور پائیدار ترقی پر خرچ کی جائے گی، جبکہ ترقیاتی منصوبوں میں شفافیت، رفتار اور معیار پر کسی قسم کا سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا۔ وزیراعلیٰ نے مزید کہا کہ پی ایم آئی یو اور مانیٹرنگ اینڈ ایویلیوایشن ڈائریکٹوریٹ کی موثر نگرانی سے بدعنوانی اور کرپشن کے خاتمے میں مدد ملے گی۔ انہوں نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ عوامی مفاد کے منصوبوں کی بروقت تکمیل حکومت بلوچستان کی اولین ترجیح ہے، ترقی کے ثمرات ہر ضلع اور ہر شہری تک پہنچائے جائیں گے، ترقیاتی فنڈز کے شفاف اور موثر استعمال سے عوام کے اعتماد کو مزید مضبوط بنایا جائے گا جبکہ رواں مالی سال کے ترقیاتی اہداف بھی مقررہ مدت میں مکمل کر کے بلوچستان کو ترقی اور خوشحالی کی نئی منزلوں کی جانب گامزن کیا جائے گا۔

کوئٹہ (این این آئی) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے یوم استحصال

بقیہ نمبر 43 صفحہ 5 پر

کشمیر کے موقع پر پیغام میں کہا ہے کہ 5 اگست 2019 کا غیر قانونی اقدام بین الاقوامی قوانین، اقوام متحدہ کی قراردادوں اور انسانی حقوق کے بنیادی اصولوں کی کھلی خلاف ورزی تھا۔ بھارت کی جانب سے مقبوضہ جموں و کشمیر کی متنازع آئینی حیثیت کو یکطرفہ طور پر تبدیل کرنے کا اقدام نہ صرف غیر قانونی ہے بلکہ اس سے خطے کے امن و استحکام کو بھی شدید نقصان پہنچا ہے۔ وزیراعلیٰ نے کہا کہ یوم استحصال کشمیر کشمیری عوام سے مکمل یکجہتی کے اظہار، ان کی عظیم قربانیوں کو خراج تحسین پیش کرنے اور عالمی برادری کی توجہ مقبوضہ جموں و کشمیر میں جاری انسانی حقوق کی سنگین خلاف ورزیوں کی جانب مبذول کرانے کا دن ہے۔ انہوں نے کہا کہ کشمیری عوام گزشتہ کئی دہائیوں سے اپنے حق خودارادیت کے حصول کے لئے بے مثال قربانیاں دے رہے ہیں، جنہیں پوری پاکستانی قوم سلام پیش کرتی ہے۔ سرفراز بگٹی نے کہا کہ پاکستان کا موقف واضح، اصولی اور غیر متزلزل ہے کہ مسئلہ کشمیر کا واحد پائیدار حل اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل کی قراردادوں اور کشمیری عوام کی خواہشات کے مطابق آزادانہ اور منصفانہ استصواب رائے میں مضمر ہے۔ انہوں نے کہا کہ طاقت کے استعمال، جبر، محاصرے اور انسانی حقوق کی پامالی سے کشمیری عوام کے عزم کو کمزور نہیں کیا جا سکتا۔ وزیراعلیٰ نے کہا کہ بلوچستان کے عوام اپنے کشمیری بھائیوں اور بہنوں کے ساتھ مکمل یکجہتی کا اظہار کرتے ہیں اور ان کی سیاسی، سفارتی اور اخلاقی جدوجہد کی بھرپور حمایت جاری رکھیں گے۔ انہوں نے کہا کہ پوری پاکستانی قوم کشمیر کے معاملے پر متحد ہے اور کشمیری عوام کو کبھی تنہا نہیں چھوڑے گی۔ انہوں نے عالمی برادری، اقوام متحدہ، اسلامی تعاون تنظیم اور انسانی حقوق کے بین الاقوامی اداروں پر زور دیا کہ وہ مقبوضہ جموں و کشمیر میں انسانی حقوق کی مسلسل خلاف ورزیوں، ماورائے عدالت قتل، جبری گمشدگیوں، اظہار رائے پر پابندیوں اور آبادی کا تناسب تبدیل کرنے کی کوششوں کا فوری نوٹس لیں اور بھارت کو بین الاقوامی قوانین اور اقوام متحدہ کی قراردادوں پر عمل درآمد کا پابند بنائیں۔ وزیراعلیٰ نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ پاکستان اور بلوچستان کے عوام کشمیری عوام کی جائز جدوجہد میں ہمیشہ ان کے شانہ بشانہ کھڑے رہیں گے اور مسئلہ کشمیر کے منصفانہ، پائیدار اور پرامن حل تک اپنی ہر ممکن سیاسی، سفارتی اور اخلاقی حمایت جاری رکھیں گے۔

CLIPPING SERVICE
DIRECTORAT
GENERAL OF P
RELATIONS BALO
نظامت اعلیٰ تعلقا
حکومت بلوچ
Bullet No. ۱
Page No. 5

روزنامہ
سینچری ایکسپریس
کوئٹہ
پاکستان کے 11 شہروں سے بیک وقت شائع ہونے والا واحد اخبار
جلد 24 شمارہ 231 بدھ 21 صفر المظفر، 5 اگست 2026، صفحات 6 قیمت 40 روپے

# مسئلہ کشمیر کا پائیدار حل آزادانہ و منصفانہ استصواب رائے ہے

سرفراز بگٹی

## طاقت کے استعمال، جبر، محاصرے اور انسانی حقوق کی پامالیوں سے کشمیریوں کا عزم کمزور نہیں کیا جاسکتا، خصوصی پیغام

کوئٹہ (خ ن) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے یوم استحصال کشمیر کے موقع پر اپنے خصوصی پیغام میں کہا ہے کہ 5 اگست 2019 کا غیر قانونی اقدام بین الاقوامی قوانین، اقوام متحدہ کی قراردادوں اور انسانی حقوق کے بنیادی اصولوں کی کھلی خلاف ورزی تھا۔ بھارت کی جانب (باقی صفحہ 5 نمبر 9)

سے مقبوضہ جموں و کشمیر کی متنازعہ آئینی حیثیت کو یکطرفہ طور پر تبدیل کرنے کا اقدام نہ صرف غیر قانونی ہے بلکہ اس سے خطے کے امن و استحکام کو بھی شدید نقصان پہنچا ہے وزیر اعلیٰ بلوچستان نے کہا کہ یوم استحصال کشمیر کشمیری عوام سے مکمل یکجہتی کے اظہار، ان کی عظیم قربانیوں کو خراج تحسین پیش کرنے اور عالمی برادری کی توجہ مقبوضہ جموں و کشمیر میں جاری انسانی حقوق کی سنگین خلاف ورزیوں کی جانب مبذول کرانے کا دن ہے۔ انہوں نے کہا کہ کشمیری عوام گزشتہ کئی دہائیوں سے اپنے حق خودارادیت کے حصول کے لیے بے مثال قربانیاں دے رہے ہیں جنہیں پوری پاکستانی قوم سلام پیش کرتی ہے۔ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ پاکستان کا موقف واضح، اصولی اور غیر متزلزل ہے کہ مسئلہ کشمیر کا واحد پائیدار حل اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل کی قراردادوں اور کشمیری عوام کی خواہشات کے مطابق آزادانہ اور منصفانہ استصواب رائے میں مضمر ہے۔ انہوں نے کہا کہ طاقت کے استعمال، جبر، محاصرے اور انسانی حقوق کی پامالیوں سے کشمیری عوام کے عزم کو کمزور نہیں کیا جا سکتا۔ وزیر اعلیٰ بلوچستان نے کہا کہ بلوچستان کے عوام اپنے کشمیری بھائیوں اور بہنوں کے ساتھ مکمل یکجہتی کا اظہار کرتے ہیں اور ان کی سیاسی، سفارتی اور اخلاقی جدوجہد کی بھرپور حمایت جاری رکھیں گے۔ انہوں نے کہا کہ پوری پاکستانی قوم کشمیر کے معاملے پر متحد ہے اور کشمیری عوام کو کبھی تنہا نہیں چھوڑے گی۔ انہوں نے عالمی برادری، اقوام متحدہ، اسلامی تعاون تنظیم (OIC) اور انسانی حقوق کے بین الاقوامی اداروں پر زور دیا کہ وہ مقبوضہ جموں و کشمیر میں انسانی حقوق کی مسلسل خلاف ورزیوں، ماورائے عدالت قتل، جبری گمشدگیوں، اظہار رائے پر پابندیوں اور آبادی کا تناسب تبدیل کرنے کی کوششوں کا فوری نوٹس لیں اور بھارت کو بین الاقوامی قوانین اور اقوام متحدہ کی قراردادوں پر عمل درآمد کا پابند بنائیں۔ وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ پاکستان اور بلوچستان کے عوام کشمیری عوام کی جائز جدوجہد میں ہمیشہ ان کے شانہ بشانہ کھڑے رہیں گے اور مسئلہ کشمیر کے منصفانہ پائیدار اور پرامن حل تک اپنی ہر ممکن سیاسی، سفارتی اور اخلاقی حمایت جاری رکھیں گے۔

## پولیس کے شہداء قوم کا عظیم سرمایہ اور پاکستان کے ماتھے کا جھومر ہیں جنہوں نے وطن کیلئے جان کی قربانی دی، پیغام

کوئٹہ (خ ن) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے یوم شہدائے پولیس کے موقع پر اپنے خصوصی پیغام میں کہا ہے کہ (باقی صفحہ 5 نمبر 8)

پولیس کے شہداء قوم کا عظیم سرمایہ اور پاکستان کے ماتھے کا جھومر ہیں جنہوں نے وطن کے امن، قانون کی بالادستی اور عوام کے جان و مال کے تحفظ کے لیے اپنی جانوں کا نذرانہ پیش کر کے وفا، بہادری اور فرض شناسی کی لازوال داستانیں رقم کیں۔ انہوں نے کہا کہ شہداء کی قربانیاں ہماری قومی تاریخ کا روشن باب ہیں اور قوم ان عظیم قربانیوں کو ہمیشہ عزت و احترام کے ساتھ یاد رکھے گی۔ وزیر اعلیٰ بلوچستان نے کہا کہ بلوچستان پولیس گزشتہ کئی برسوں سے دہشت گردی، انتہا پسندی اور جرائم کے خلاف صف اول میں برسر پیکار ہے۔ پولیس کے بہادر افسران اور جوانوں نے اپنی جانوں کی پروا کیے بغیر امن کے قیام، ریاست کی رٹ کے استحکام اور شہریوں کے تحفظ کے لیے بے مثال قربانیاں دی ہیں انہی قربانیوں کی بدولت آج صوبے میں امن و امان کی صورتحال بہتر ہوئی ہے اور دہشت گرد عناصر کے مزائم کو ناکام بنایا جا رہا ہے۔ میر سرفراز بگٹی نے بالخصوص ریاست کے شہدائے پولیس کو زبردست خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے کہا کہ ان عظیم سپوتوں نے دہشت گردوں کے خلاف لڑتے ہوئے اپنی جانوں کا نذرانہ پیش کر کے جرات، استقامت اور حب الوطنی کی ایسی مثال قائم کی جو ہمیشہ یاد رکھی جائے گی۔ انہوں نے کہا کہ ریاست کے شہداء کی قربانیاں پوری قوم کیلئے باعث فخر ہیں اور حکومت بلوچستان ان کے اہل خانہ کی قربانیوں اور صبر کو سلام پیش کرتی ہے۔ وزیر اعلیٰ نے کہا کہ حکومت بلوچستان نے شہداء کے ورثاء کی عزت، فلاح و بہبود اور مالی معاونت کو ریاستی ذمہ داری سمجھتے ہوئے متعدد عملی اقدامات کیے ہیں اور یہ سلسلہ مزید موثر انداز میں جاری رکھا جائے گا۔ شہداء کے اہل خانہ کی ہر ممکن دیکھ بھال، بچوں کی تعلیم، صحت اور دیگر ضروریات کی فراہمی حکومت کی اولین ترجیحات میں شامل ہے۔ انہوں نے کہا کہ حکومت بلوچستان پولیس فورس کی استعداد کار میں اضافے، جدید تربیت، جدید اسلحہ، حفاظتی ساز و سامان، ٹیکنالوجی اور انفراسٹرکچر کی بہتری کے لیے بھرپور سرمایہ کاری کر رہی ہے تاکہ پولیس ہر قسم کے سیکیورٹی چیلنجز سے موثر انداز میں نمٹ سکے۔ وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ شہداء کی قربانیاں اس امر کا تقاضا کرتی ہیں کہ ہم دہشت گردی، انتہا پسندی اور ریاست دشمن عناصر کے خلاف اپنی جدوجہد کو مزید مضبوط بنائیں۔ انہوں نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ بلوچستان میں امن کے قیام، قانون کی حکمرانی اور عوام کے جان و مال کے تحفظ پر کوئی سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا اور شہدائے پولیس کا مقدس مشن ہر قیمت پر پایہ تکمیل تک پہنچایا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ یوم شہدائے پولیس ہمیں اپنے ان بہادر سپوتوں کی قربانیوں کو یاد رکھنے، ان کے اہل خانہ کے ساتھ اظہار یکجہتی کرنے اور اس عہد کی تجدید کا موقع فراہم کرتا ہے کہ شہداء کا خون رائیگاں نہیں جائے گا۔ حکومت بلوچستان، پولیس، قانون نافذ کرنے والے ادارے اور عوام متحد ہو کر امن دشمن عناصر کے ناپاک عزائم کو ہمیشہ کے لیے ناکام بنائیں گے۔

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Bullet No. 1

Page No. 6

روزنامہ ایکسپریس کوئٹہ سنچری

# حکومت نے ترقیاتی اہداف حاصل کر لئے، شفافیت پر کوئی سمجھوتہ نہیں، وزیر اعلیٰ

## ترقیاتی منصوبوں کی بروقت تکمیل گڈ گورننس، موثر مانیٹرنگ اور مضبوط نگرانی کے نظام کا ثمر ہے، سرفراز بگٹی

## عوامی مفاد کے منصوبوں کی بروقت تکمیل ترجیح، رواں مالی سال کے اہداف بھی مکمل کئے جائیں گے، اجلاس سے خطاب

کوئٹہ (ن ن) بلوچستان کی تاریخ میں پہلی بار حکومت بلوچستان نے گزشتہ مالی سال کے دوران بجٹ میں شامل ترقیاتی منصوبوں کی مکمل تکمیل کو یقینی بناتے ہوئے اپنے مقررہ ترقیاتی اہداف کامیابی سے حاصل کر لیے۔ حکومت نے ایک جانب غیر ترقیاتی اخراجات میں 28 ارب (باقی صفحہ 5 نمبر 10)



وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے نیشنل پارٹی کے سربراہ و رکن صوبائی اسمبلی ڈاکٹر عبدالمالک بلوچ ملاقات کر رہے ہیں



وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی ترقیاتی منصوبوں کی پیشرفت سے متعلق سیکرٹریز کمیٹی کے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

روپے کی بچت کی جبکہ دوسری جانب 2,900 ترقیاتی منصوبے مکمل کر کے ترقیاتی وسائل کے موثر، شفاف اور نتیجہ خیز استعمال کی نئی مثال قائم کی۔ یہ بات وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی زیر صدارت سیکرٹریز کمیٹی کے اجلاس میں بتائی گئی جس میں گزشتہ اور رواں مالی سال کے ترقیاتی منصوبوں پر پیشرفت کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ اجلاس میں صوبائی وزیر منصوبہ بندی و ترقیات میر ظہور بلیدی، چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان، سیکرٹری منصوبہ بندی و ترقیات، متعلقہ محکموں کے سیکرٹریز اور اعلیٰ حکام نے شرکت کی۔ صوبائی وزیر منصوبہ بندی و ترقیات میر ظہور بلیدی نے گزشتہ مالی سال کی کارکردگی رپورٹ وزیراعلیٰ بلوچستان کو پیش کی، جبکہ چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان نے اجلاس کو تفصیلی بریفنگ [illegible] ہوئے بتایا کہ گزشتہ مالی سال کے دوران حکومت نے ترقیاتی منصوبوں کی تکمیل کا مقررہ ہدف مکمل طور پر حاصل کیا۔ انہوں نے بتایا کہ صوبے کی تاریخ میں پہلی مرتبہ بجٹ میں منظور شدہ ترقیاتی منصوبوں کی مکمل تکمیل یقینی بنائی گئی، جبکہ غیر ترقیاتی اخراجات میں 28 ارب روپے کی بچت کے ساتھ 2,900 ترقیاتی منصوبے پایۂ تکمیل تک پہنچائے گئے۔ اجلاس کو بتایا گیا کہ رواں مالی سال کے دوران 2,200 ترقیاتی منصوبوں پر کام جاری ہے اور تمام منصوبوں کی بروقت تکمیل کے لیے موثر مانیٹرنگ اور سخت نگرانی کا نظام وضع کیا گیا ہے۔ وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے ترقیاتی اہداف کے کامیاب حصول پر صوبائی وزیر منصوبہ بندی و ترقیات، چیف سیکرٹری، سیکرٹری منصوبہ بندی و ترقیات اور متعلقہ افسران کی کارکردگی کو سراہتے ہوئے انہیں شاباش دی اور تعریفی اسناد دینے کا اعلان کیا۔ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے وزیراعلیٰ نے کہا کہ ترقیاتی منصوبوں کی بروقت تکمیل گڈ گورننس، موثر مانیٹرنگ اور مضبوط نگرانی کے نظام کا ثمر ہے۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان کے ترقیاتی وسائل کی ایک ایک پائی عوام کی فلاح و بہبود اور پائیدار ترقی پر خرچ کی جائے گی، جبکہ ترقیاتی منصوبوں میں شفافیت اور معیار پر کسی قسم کا سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا۔ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ وزیراعلیٰ انسپکشن ٹیم اور مانیٹرنگ اینڈ ایویلیوایشن ڈائریکٹوریٹ کی موثر نگرانی سے ہی وسائل اور کرپشن کی موثر روک تھام ممکن ہوگی اور ترقیاتی فنڈز کے شفاف استعمال کو یقینی بنایا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ عوامی مفاد کے منصوبوں کی بروقت تکمیل حکومت بلوچستان کی اولین ترجیح ہے اور ترقی کے ثمرات صوبے کے ہر ضلع اور ہر شہری تک پہنچائے جائیں گے۔ وزیراعلیٰ نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ رواں مالی سال کے ترقیاتی اہداف بھی مقررہ مدت میں مکمل کیے جائیں گے تاکہ بلوچستان کو ترقی، خوشحالی اور بہتر طرز حکمرانی کی نئی منزلوں کی جانب مزید تیزی سے گامزن کیا جا سکے۔ اجلاس میں صوبائی وزراء میر ظہور احمد بلیدی، میر شعیب نوشیروانی، میر محمد صادق عمرانی اور میر فیصل خان جمالی نے بھی شرکت کی۔

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان

Bullet No. 1

Page No. 7

THE DAILY BAAKHABAR QUETTA

روزنامہ باخبر کوئٹہ

بانی اکرام اللہ خان

جلد 30 | بدھ 05 اگست 2026ء بمطابق 21 صفر 1448ھ قیمت 20 روپے | شمارہ 213

# امن پر کوئی سمجھوتہ نہیں ہوگا، بلوچستان پولیس صف اول میں قربانیاں دے رہی ہے، وزیر اعلیٰ

شہدائے پولیس قوم کا عظیم سرمایہ، امن کے قیام کیلئے قربانیاں ہمیشہ یاد رکھی جائیں گی شہدائے پولیس کے ورثا کی فلاح و بہبود حکومت کی ترجیح ہے

پولیس کے شہداء قوم کا عظیم سرمایہ اور پاکستان کے ماتھے کا جھومر ہیں، انکا مقدس مشن ہر قیمت پر پایہ تکمیل تک پہنچایا جائے گا یوم شہداء پولیس پر پیغام

کوئٹہ (خ ن) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے یوم شہدائے پولیس کے موقع پر اپنے خصوصی پیغام میں کہا ہے کہ شہدائے پولیس ... پاکستان کے ماتھے کا جھومر ہیں جنہوں نے وطن کے امن، قانون کی بالادستی اور عوام کے جان و مال کے تحفظ کے لیے اپنی جانوں کا نذرانہ پیش کر کے وفا، بہادری اور فرض شناسی کی لازوال داستانیں رقم کیں۔ انہوں نے کہا کہ شہداء کی قربانیاں ہماری قومی تاریخ کا روشن باب ہیں اور قوم ان عظیم قربانیوں کو ہمیشہ عزت و احترام کے ساتھ یاد رکھے گی۔ وزیر اعلیٰ بلوچستان نے کہا کہ بلوچستان پولیس گزشتہ کئی برسوں سے دہشت گردی، انتہا پسندی اور جرائم کے خلاف صف اول میں برسر پیکار ہے۔ پولیس کے بہادر افسران اور جوانوں نے اپنی جانوں کی پروا کیے بغیر امن کے قیام، ریاست کی رٹ کے استحکام اور شہریوں کے تحفظ کے لیے بے مثال قربانیاں دی ہیں۔ انہی قربانیوں کی بدولت آج صوبے میں امن و امان کی صورتحال بہتر ہوئی ہے اور دہشت گرد عناصر کے عزائم کو ناکام بنایا جا رہا ہے۔

بقیہ نمبر 75 صفحہ 7 پر ...

## بلوچستان کے عوام کشمیری بھائیوں کے ساتھ کھڑے ہیں، سرفراز بگٹی

مسئلہ کشمیر کا حل کشمیری عوام کی خواہشات اور اقوام متحدہ کی قراردادوں کے مطابق ہونا چاہیے

کوئٹہ (خ ن) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے یوم استحصال کشمیر کے موقع پر اپنے خصوصی پیغام میں کہا ہے کہ 5 اگست 2019 کا غیر قانونی اقدام ... آئینی حیثیت کو یکطرفہ طور پر تبدیل کرنے کا اقدام نہ صرف غیر قانونی ہے بلکہ اس سے خطے کے امن و استحکام کو بھی شدید نقصان پہنچا ہے۔ وزیر اعلیٰ بلوچستان نے کہا کہ یوم استحصال کشمیر کشمیری عوام سے مکمل یکجہتی کے اظہار، ان کی عظیم قربانیوں کو خراج تحسین پیش کرنے اور عالمی برادری کی توجہ مقبوضہ جموں و کشمیر میں جاری انسانی حقوق کی سنگین خلاف ورزیوں کی جانب مبذول کرانے کا دن ہے۔ انہوں نے کہا کہ کشمیری عوام گزشتہ کئی دہائیوں سے اپنے حق خودارادیت کے حصول کے لیے بے مثال قربانیاں دے رہے ہیں، جنہیں پوری پاکستانی قوم سلام پیش کرتی ہے۔ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ پاکستان کا موقف واضح، اصولی اور غیر متزلزل ہے کہ مسئلہ کشمیر کا واحد پائیدار حل اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل کی قراردادوں اور کشمیری عوام کی خواہشات کے مطابق آزادانہ اور منصفانہ استصواب رائے میں مضمر ہے۔ انہوں نے کہا کہ طاقت کے استعمال، جبر، محاصرے اور انسانی حقوق کی پامالیوں سے کشمیری عوام کے عزم کو کمزور نہیں کیا جا سکتا۔ وزیر اعلیٰ بلوچستان نے کہا کہ بلوچستان کے عوام اپنے کشمیری بھائیوں اور بہنوں کے ساتھ مکمل یکجہتی کا اظہار کرتے ہیں۔



کوئٹہ، وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے این پی کے سربراہ ڈاکٹر عبدالمالک بلوچ ملاقات کر رہے ہیں



کوئٹہ، وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی ترقیاتی منصوبوں کی پیش رفت سے متعلق بیکر پر یذ کمیٹی کے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

CLIPPING SERVICE
DIRECT[ORATE] GENERAL [PUBLIC] RELATIONS B[ALOCHISTAN]
نظامت اعلیٰ ... حکومت
Bullet No. 1
Page No. 8
Daily AZADI Quetta
روزنامہ آزادی کوئٹہ
بانی صدیق بلوچ
جلد نمبر-27 | بدھ 05 اگست 2026ء بمطابق 21 صفر المظفر 1448ھ قیمت 20 روپے | شمارہ نمبر-210

# پولیس کے شہداء قوم کا عظیم سرمایہ، پاکستان کے ماتھے کا جھومر ہیں

وزیراعلیٰ بلوچستان

شہداء کی قربانیاں ہماری قومی تاریخ کا روشن باب ہیں قوم ان عظیم قربانیوں کو ہمیشہ عزت واحترام کے ساتھ یاد رکھے گی

پولیس کے بہادر افسران اور جوانوں نے امن کے قیام، ریاست کی رٹ کے استحکام اور شہریوں کے تحفظ کے لیے بے مثال قربانیاں دی ہیں

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے یوم شہدائے پولیس کے موقع پر اپنے خصوصی پیغام میں کہا ہے کہ پولیس کے شہداء قوم کا عظیم سرمایہ اور پاکستان کے ماتھے کا جھومر ہیں جنہوں نے وطن کے امن، قانون کی بالادستی اور عوام کے جان ومال (بقیہ نمبر24 صفحہ نمبر2 پر)


کے تحفظ کے لیے اپنی جانوں کا نذرانہ پیش کر کے وفا، بہادری اور فرض شناسی کی لازوال داستانیں رقم کیں۔ انہوں نے کہا کہ شہداء کی قربانیاں ہماری قومی تاریخ کا روشن باب ہیں اور قوم ان عظیم قربانیوں کو ہمیشہ عزت واحترام کے ساتھ یاد رکھے گی۔ وزیراعلیٰ بلوچستان نے کہا کہ بلوچستان پولیس گزشتہ کئی برسوں سے دہشت گردی، انتہا پسندی اور جرائم کے خلاف صف اول میں برسرپیکار ہے۔ پولیس کے بہادر افسران اور جوانوں نے اپنی جانوں کی پروا کیے بغیر امن کے قیام، ریاست کی رٹ کے استحکام اور شہریوں کے تحفظ کے لیے بے مثال قربانیاں دی ہیں۔ انہی قربانیوں کی بدولت آج صوبے میں امن وامان کی صورتحال بہتر ہوئی ہے اور دہشت گرد عناصر کے عزائم کو ناکام بنایا جارہا ہے۔ میر سرفراز بگٹی نے بالخصوص زیارت کے شہدائے پولیس کو زبردست خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے کہا کہ ان عظیم سپوتوں نے دہشت گردوں کے خلاف لڑتے ہوئے اپنی جانوں کا نذرانہ پیش کر کے جرات، استقامت اور حب الوطنی کی ایسی مثال قائم کی جو ہمیشہ یاد رکھی جائے گی۔ انہوں نے کہا کہ زیارت کے شہداء کی قربانیاں پوری قوم کے لیے باعث فخر ہیں اور حکومت بلوچستان ان کے اہل خانہ کی قربانیوں اور صبر کو سلام پیش کرتی ہے۔ وزیراعلیٰ نے کہا کہ حکومت بلوچستان نے شہداء کے ورثاء کی عزت، فلاح وبہبود اور مالی معاونت کو ریاستی ذمہ داری سمجھتے ہوئے متعدد عملی اقدامات کیے ہیں اور یہ سلسلہ مزید موثر انداز میں جاری رکھا جائے گا۔ شہداء کے اہل خانہ کی ہر ممکن دیکھ بھال، بچوں کی تعلیم، صحت اور دیگر ضروریات کی فراہمی حکومت کی اولین ترجیحات میں شامل ہے۔ انہوں نے کہا کہ حکومت بلوچستان پولیس فورس کی استعداد کار میں اضافے، جدید تربیت، جدید اسلحہ، حفاظتی ساز وسامان، ٹیکنالوجی اور انفراسٹرکچر کی بہتری کے لیے بھرپور سرمایہ کاری کر رہی ہے تاکہ پولیس ہر قسم کے سیکیورٹی چیلنجز سے موثر انداز میں نمٹ سکے۔ وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ شہداء کی قربانیاں اس امر کا تقاضا کرتی ہیں کہ ہم دہشت گردی، انتہا پسندی اور ریاست دشمن عناصر کے خلاف اپنی جدوجہد کو مزید مضبوط بنائیں۔ انہوں نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ بلوچستان میں امن کے قیام، قانون کی حکمرانی اور عوام کے جان ومال کے تحفظ پر کوئی سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا اور شہدائے پولیس کا مقدس مشن ہر قیمت پر پایہ تکمیل تک پہنچایا جائے گا۔

# 5 اگست کو بھارت نے مقبوضہ کشمیر کی آئینی حیثیت کو یکطرفہ تبدیل کیا، سرفراز بگٹی

پاکستانی قوم کشمیر کے معاملے پر متحد، کشمیری عوام کو تنہا نہیں چھوڑے گی

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے یوم استحصال کشمیر کے موقع پر اپنے خصوصی پیغام میں کہا ہے کہ 5 اگست 2019 کا غیر قانونی اقدام بین الاقوامی (بقیہ نمبر25 صفحہ نمبر2 پر)

قوانین، اقوام متحدہ کی قراردادوں اور انسانی حقوق کے بنیادی اصولوں کی کھلی خلاف ورزی تھا۔ بھارت کی جانب سے مقبوضہ جموں وکشمیر کی متنازعہ آئینی حیثیت کو یکطرفہ طور پر تبدیل کرنے کا اقدام نہ صرف غیر قانونی ہے بلکہ اس سے خطے کے امن واستحکام کو بھی شدید نقصان پہنچا ہے وزیراعلیٰ بلوچستان نے کہا کہ یوم استحصال کشمیر کشمیری عوام سے مکمل یکجہتی کے اظہار، ان کی عظیم قربانیوں کو خراج تحسین پیش کرنے اور عالمی برادری کی توجہ مقبوضہ جموں وکشمیر میں جاری انسانی حقوق کی سنگین خلاف ورزیوں کی جانب مبذول کرانے کا دن ہے۔ انہوں نے کہا کہ کشمیری عوام گزشتہ کئی دہائیوں سے اپنے حق خودارادیت کے حصول کے لیے بے مثال قربانیاں دے رہے ہیں، جنہیں پوری پاکستانی قوم سلام پیش کرتی ہے۔ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ پاکستان کا موقف واضح، اصولی اور غیر متزلزل ہے کہ مسئلہ کشمیر کا واحد پائیدار حل اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل کی قراردادوں اور کشمیری عوام کی خواہشات کے مطابق آزادانہ اور منصفانہ استصواب رائے میں مضمر ہے۔ انہوں نے کہا کہ طاقت کے استعمال، جبر، محاصرے اور انسانی حقوق کی پامالیوں سے کشمیری عوام کے عزم کو کمزور نہیں کیا جا سکتا۔ وزیراعلیٰ بلوچستان نے کہا کہ بلوچستان کے عوام اپنے کشمیری بھائیوں اور بہنوں کے ساتھ مکمل یکجہتی کا اظہار کرتے ہیں اور ان کی سیاسی، سفارتی اور اخلاقی جدوجہد کی بھرپور حمایت جاری رکھیں گے۔ انہوں نے کہا کہ پوری پاکستانی قوم کشمیر کے معاملے پر متحد ہے اور کشمیری عوام کو کبھی تنہا نہیں چھوڑے گی۔ انہوں نے عالمی برادری، اقوام متحدہ، اسلامی تعاون تنظیم (OIC) اور انسانی حقوق کے بین الاقوامی اداروں پر زور دیا کہ وہ مقبوضہ جموں وکشمیر میں انسانی حقوق کی مسلسل خلاف ورزیوں، ماورائے عدالت قتل، جبری گمشدگیوں، اظہار رائے پر پابندیوں اور آبادی کا تناسب تبدیل کرنے کی کوششوں کا فوری نوٹس لیں اور بھارت کو بین الاقوامی قوانین اور اقوام متحدہ کی قراردادوں پر عمل درآمد کا پابند بنائیں۔ وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ پاکستان اور بلوچستان کے عوام کشمیری عوام کی جائز جدوجہد میں ہمیشہ ان کے شانہ بشانہ کھڑے رہیں گے اور مسئلہ کشمیر کے منصفانہ، پائیدار اور پرامن حل تک اپنی ہر ممکن سیاسی، سفارتی اور اخلاقی حمایت جاری رکھیں گے۔



کوئٹہ، وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی بیکرو بینکمٹی کے اجلاس کی صدارت کررہے ہیں

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Bullet No. 1

Page No. 9

Daily BALOCHISTAN NEWS QUETTA

روزنامہ بلوچستان نیوز کوئٹہ

چیف ایڈیٹر محمد انور ناصر

MEMBER OF APNS | رجسٹرڈ ایل پی 10 | قیمت 15 روپے | FaX:2839867 | Ph :2839851

شمارہ 161 | 1448ھ | 21 صفر | بدھ 5 اگست 2026ء | جلد 29

# دہشتگردوں اور ریاست دشمن عناصر کیخلاف جدوجہد مزید مضبوط بنائیں گے، وزیراعلیٰ

امن کے قیام، قانون کی حکمرانی اور عوام کے جان و مال کے تحفظ پر کوئی سمجھوتہ نہیں، شہداء کا خون رائیگاں نہیں جائے گا، وزیراعلیٰ

کوئٹہ (پ ر) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے یوم شہدائے پولیس کے موقع پر اپنے خصوصی پیغام میں کہا ہے کہ پولیس کے شہداء قوم کا عظیم سرمایہ اور پاکستان کے ماتھے کا جھومر ہیں جنہوں نے وطن کے امن، قانون کی بالادستی اور عوام کے جان و مال کے تحفظ کے لیے اپنی جانوں کا نذرانہ پیش کر کے وفا، بہادری اور فرض شناسی کی لازوال داستانیں رقم کیں۔ انہوں نے کہا کہ شہداء کی قربانیاں ہماری قومی تاریخ کا روشن باب ہیں اور قوم ان عظیم قربانیوں کو ہمیشہ عزت و احترام کے ساتھ یاد رکھے گی۔ وزیراعلیٰ بلوچستان نے کہا کہ بلوچستان پولیس گزشتہ کئی برسوں سے دہشت گردی، انتہا پسندی اور جرائم کے خلاف صف اول میں برسرپیکار ہے۔ پولیس کے بہادر افسران اور جوانوں نے اپنی جانوں کی پرواہ کیے بغیر امن کے قیام، ریاست کی رٹ کے استحکام اور شہریوں کے تحفظ کے لیے بے مثال قربانیاں دی ہیں۔ انہی قربانیوں کی بدولت آج صوبے میں امن و امان کی صورتحال بہتر ہوئی ہے اور دہشت گرد عناصر کے عزائم کو ناکام بنایا جا رہا ہے۔ میر سرفراز بگٹی نے [illegible] وزارت کے شہدائے پولیس کو زبردست خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے کہا کہ ان عظیم سپوتوں نے دہشت گردوں کے خلاف لڑتے ہوئے اپنی جانوں کا نذرانہ پیش کر کے جرأت، استقامت اور حب الوطنی کی ایسی مثال قائم کی جو ہمیشہ یاد رکھی جائے گی۔ انہوں نے کہا کہ وزارت کے شہداء کی قربانیاں پوری قوم کے لیے باعث فخر ہیں اور حکومت بلوچستان ان کے اہل خانہ کی قربانیوں اور صبر کو سلام پیش کرتی ہے۔ وزیراعلیٰ نے کہا کہ حکومت بلوچستان نے شہداء کے ورثاء کی عزت، فلاح و بہبود اور مالی معاونت کو ریاستی ذمہ داری سمجھتے ہوئے متعدد عملی اقدامات کیے ہیں اور یہ سلسلہ مزید مؤثر انداز میں جاری رکھا جائے گا۔ شہداء کے اہل خانہ کی ہر ممکن دیکھ بھال، بچوں کی تعلیم، صحت اور دیگر ضروریات کی فراہمی حکومت کی اولین ترجیحات میں شامل ہے۔ انہوں نے کہا کہ حکومت بلوچستان پولیس فورس کی استعداد کار میں اضافے، جدید تربیت، جدید اسلحہ، حفاظتی ساز و سامان، ٹیکنالوجی اور انفراسٹرکچر کی بہتری کے لیے بھرپور سرمایہ کاری کر رہی ہے تاکہ پولیس ہر قسم کے چیلنجز سے مؤثر انداز میں نمٹ سکے۔ وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ شہداء کی قربانیاں اس امر کا تقاضا کرتی ہیں کہ ہم دہشت گردی، انتہا پسندی اور ریاست دشمن عناصر کے خلاف اپنی جدوجہد کو مزید مضبوط بنائیں۔ انہوں نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ بلوچستان میں امن کے قیام، قانون کی حکمرانی اور عوام کے جان و مال کے تحفظ پر کوئی سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا اور شہدائے پولیس کا مقدس مشن ہر قیمت پر پایۂ تکمیل تک پہنچایا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ یوم شہدائے پولیس ہمیں اپنے ان بہادر سپوتوں کی قربانیوں کو یاد رکھنے، ان کے اہل خانہ کے ساتھ اظہار یکجہتی کرنے اور اس عہد کی تجدید کا موقع فراہم کرتا ہے کہ شہداء کا خون رائیگاں نہیں جائے گا۔ حکومت بلوچستان، پولیس، قانون نافذ کرنے والے ادارے اور عوام متحد ہو کر امن دشمن عناصر کے ناپاک عزائم کو ہمیشہ کے لیے ناکام بنائیں گے

## کشمیری عوام گزشتہ کئی دہائیوں سے اپنے حق خودارادیت کے حصول کے لیے بے مثال قربانیاں دے رہے ہیں، یوم استحصال پر پیغام

کوئٹہ (پ ر) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے یوم استحصال کشمیر کے موقع پر اپنے خصوصی پیغام میں کہا ہے کہ 5 اگست 2019 کا غیر قانونی اقدام بین الاقوامی قوانین، اقوام متحدہ کی قراردادوں اور انسانی حقوق کے بنیادی اصولوں کی کھلی خلاف ورزی تھا۔ بھارت کی جانب سے مقبوضہ جموں و کشمیر کی متنازعہ آئینی حیثیت کو یکطرفہ طور پر تبدیل کرنے کا اقدام نہ صرف غیر قانونی ہے بلکہ اس سے خطے کے امن و استحکام کو بھی شدید نقصان پہنچا ہے۔ وزیراعلیٰ بلوچستان نے کہا کہ یوم استحصال کشمیر کشمیری عوام سے مکمل یکجہتی کے اظہار، ان کی عظیم قربانیوں کو خراج تحسین پیش کرنے اور عالمی برادری کی توجہ مقبوضہ جموں و کشمیر میں جاری انسانی حقوق کی سنگین خلاف ورزیوں کی جانب مبذول کرانے کا دن ہے۔ انہوں نے کہا کہ کشمیری عوام گزشتہ کئی دہائیوں سے اپنے حق خودارادیت کے حصول کے لیے بے مثال قربانیاں دے رہے ہیں، جنہیں پوری پاکستانی قوم سلام پیش کرتی ہے۔ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ پاکستان کا موقف واضح، اصولی اور غیر متزلزل ہے کہ مسئلہ کشمیر کا واحد پائیدار حل اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل کی قراردادوں اور کشمیری عوام کی خواہشات کے مطابق آزادانہ اور منصفانہ استصواب رائے میں مضمر ہے۔ انہوں نے کہا کہ طاقت کے استعمال، جبر، محاصرے اور انسانی حقوق کی پامالیوں سے کشمیری عوام کے عزم کو کمزور نہیں کیا جا سکتا۔ وزیراعلیٰ بلوچستان نے کہا کہ بلوچستان کے عوام اپنے کشمیری بھائیوں اور بہنوں کے ساتھ مکمل یکجہتی کا اظہار کرتے ہیں اور ان کی سیاسی، سفارتی اور اخلاقی جدوجہد کی بھرپور حمایت جاری رکھیں گے۔ انہوں نے کہا کہ پوری پاکستانی قوم کشمیر کے معاملے پر متحد ہے اور کشمیری عوام کو کبھی تنہا نہیں چھوڑے گی۔ انہوں نے عالمی برادری، اقوام متحدہ، اسلامی تعاون تنظیم (OIC) اور انسانی حقوق کے بین الاقوامی اداروں پر زور دیا کہ وہ مقبوضہ جموں و کشمیر میں انسانی حقوق کی مسلسل خلاف ورزیوں، ماورائے عدالت قتل، جبری گمشدگیوں، اظہار رائے پر پابندیوں اور آبادی کا تناسب تبدیل کرنے کی کوششوں کا فوری نوٹس لیں اور بھارت کو بین الاقوامی قوانین اور اقوام متحدہ کی قراردادوں پر عملدرآمد کا پابند بنائیں۔ وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ پاکستان اور بلوچستان کے عوام کشمیری عوام کی جائز جدوجہد میں ہمیشہ ان کے شانہ بشانہ کھڑے رہیں گے اور مسئلہ کشمیر کے منصفانہ، پائیدار اور پرامن حل تک اپنی ہر ممکن سیاسی، سفارتی اور اخلاقی حمایت جاری رکھیں گے۔

CS CamScanner

CLIPPING SERVICE
DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHISTAN
نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily BALOCHISTAN NEWS QUETTA
روزنامہ بلوچستان نیوز کوئٹہ



# ترقیاتی اہداف کامیابی سے حاصل کرنا گورننس، مؤثر مانیٹرنگ کے نظام کا ثمر ہے

غیر ترقیاتی اخراجات میں 28 ارب روپے کی بچت، 2,966 ترقیاتی منصوبے مکمل کر کے ترقیاتی وسائل کے مؤثر، شفاف اور نتیجہ خیز استعمال کی نئی مثال قائم کی، ترقیاتی وسائل کی ایک ایک پائی عوام کی فلاح و بہبود پر خرچ کی جائے گی

کوئٹہ (ن ن) بلوچستان کی تاریخ میں پہلی بار حکومت بلوچستان نے گزشتہ مالی سال کے دوران

**بجٹ میں شامل ترقیاتی منصوبوں کی مکمل تکمیل ہو گئی**

بناتے ہوئے اپنے مقررہ ترقیاتی اہداف کامیابی سے حاصل کر لیے۔ حکومت نے ایک جانب غیر ترقیاتی اخراجات میں 28 ارب روپے کی بچت کی جبکہ دوسری جانب 2,966 ترقیاتی منصوبے مکمل کر کے ترقیاتی وسائل کے مؤثر، شفاف اور نتیجہ خیز استعمال کی نئی مثال قائم کی۔ یہ بات وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی زیر صدارت سیکرٹریز کمیٹی کے اجلاس میں بتائی گئی، جس میں گزشتہ اور رواں مالی سال کے ترقیاتی منصوبوں پر پیش رفت کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ اجلاس میں صوبائی وزیر منصوبہ بندی و ترقیات میر ظہور بلیدی، چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان، سیکرٹری منصوبہ بندی و ترقیات، متعلقہ محکموں کے سیکرٹریز اور اعلیٰ حکام نے شرکت کی۔ صوبائی وزیر منصوبہ بندی و ترقیات میر ظہور بلیدی نے گزشتہ مالی سال کی کارکردگی رپورٹ وزیر اعلیٰ بلوچستان کو پیش کی، جبکہ چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان نے اجلاس کو تفصیلی بریفنگ دیتے ہوئے بتایا کہ گزشتہ مالی سال کے دوران حکومت نے ترقیاتی منصوبوں کی تکمیل کا مقررہ ہدف مکمل طور پر حاصل کیا۔ انہوں نے بتایا کہ صوبے کی تاریخ میں پہلی مرتبہ بجٹ میں منظور شدہ ترقیاتی منصوبوں کی مکمل تکمیل یقینی بنائی گئی، جبکہ غیر ترقیاتی اخراجات میں 28 ارب روپے کی بچت کے ساتھ 2,966 ترقیاتی منصوبے پایۂ تکمیل تک پہنچائے گئے۔ اجلاس کو بتایا گیا کہ رواں مالی سال کے دوران 2,280 ترقیاتی منصوبوں پر کام جاری ہے اور تمام منصوبوں کی بروقت تکمیل کے لیے مؤثر مانیٹرنگ اور سخت نگرانی کا نظام وضع کیا گیا ہے۔ وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے ترقیاتی اہداف کے کامیاب حصول پر صوبائی وزیر منصوبہ بندی و ترقیات، چیف سیکرٹری، سیکرٹری منصوبہ بندی و ترقیات اور متعلقہ افسران کی کارکردگی کو سراہتے ہوئے انہیں شاباش دی اور تعریفی اسناد دینے کا اعلان کیا۔ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے وزیر اعلیٰ نے کہا کہ ترقیاتی منصوبوں کی بروقت تکمیل گڈ گورننس، مؤثر مانیٹرنگ اور مضبوط نگرانی کے نظام کا ثمر ہے۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان کے ترقیاتی وسائل کی ایک ایک پائی عوام کی فلاح و بہبود اور پائیدار ترقی پر خرچ کی جائے گی، جبکہ ترقیاتی منصوبوں میں شفافیت، رفتار اور معیار پر کسی قسم کا سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا۔ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ وزیر اعلیٰ اسپیشل ٹیم اور مانیٹرنگ اینڈ ایویلیوایشن ڈائریکٹوریٹ کی مؤثر نگرانی سے بدعنوانی اور کرپشن کی مؤثر روک تھام ممکن ہوئی اور ترقیاتی فنڈز کے شفاف استعمال کو یقینی بنایا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ عوامی مفاد کے منصوبوں کی بروقت تکمیل حکومت بلوچستان کی اولین ترجیح ہے اور ترقی کے ثمرات صوبے کے ہر ضلع اور ہر شہری تک پہنچائے جائیں گے۔ وزیر اعلیٰ نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ رواں مالی سال کے ترقیاتی اہداف بھی مقررہ مدت میں مکمل کیے جائیں گے تاکہ بلوچستان کو ترقی، خوشحالی اور بہتر طرزِ حکمرانی کی نئی منزلوں کی جانب مزید تیزی سے گامزن کیا جا سکے۔ اجلاس میں صوبائی وزراء میر ظہور احمد بلیدی، میر شعیب احمد نوشیروانی، میر محمد صادق عمرانی، سردار فیصل خان جمالی نے بھی شرکت کی

## حکومت کی اولین ترجیح عوام کو بنیادی سہولیات کی فراہمی اور بلدیاتی نظام کو مزید مؤثر بنانا ہے، اقدامات کا تسلسل برقرار رکھا جائے گا

کوئٹہ (ن ن) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی جانب سے نئے دکی، وسطے دکی اور گلستان کو میونسپل کمیٹیوں کا درجہ دیئے جانے کے اعلان پر عملدرآمد کرتے ہوئے حکومت بلوچستان نے تمام قانونی اور انتظامی تقاضے مکمل کرنے کے بعد دونوں نئی میونسپل کمیٹیوں کے قیام کا باقاعدہ نوٹیفکیشن جاری کر دیا ہے۔ منگل کے روز وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے عوامی نیشنل پارٹی کے پارلیمانی لیڈر اور رکن صوبائی اسمبلی انجینئر زمرک خان اچکزئی نے ملاقات کی۔ اس موقع پر انجینئر زمرک خان اچکزئی نے مسلے دکی وسطے دکی اور گلستان کی نئی میونسپل کمیٹیوں کے قیام کے باضابطہ نوٹیفکیشن کے اجراء پر وزیر اعلیٰ کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ انہوں نے عوام سے کیا گیا اپنا وعدہ پورا کر دیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ نئی میونسپل کمیٹیوں کے قیام سے مقامی سطح پر شہریوں کو بہتر بلدیاتی اور میونسپل سہولیات میسر آئیں گی، جبکہ اس اقدام سے مقامی ترقی اور عوامی مسائل کے حل میں بھی نمایاں بہتری آئے گی۔ انہوں نے امید ظاہر کی کہ وزیر اعلیٰ بلوچستان دیگر ایسے علاقوں میں بھی بلدیاتی اداروں کے قیام اور اپ گریڈیشن کے لیے اقدامات کا سلسلہ جاری رکھیں گے جہاں اس کی ضرورت موجود ہے۔ اس موقع پر وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ حکومت کی اولین ترجیح عوام کو بنیادی سہولیات کی فراہمی اور بلدیاتی نظام کو مزید مؤثر بنانا ہے۔ انہوں نے کہا کہ میونسپل سروسز کی بہتری کے لیے اقدامات کا تسلسل برقرار رکھا جائے گا اور قواعد و ضوابط کے مطابق مقررہ معیار پر پورا اترنے والے بلدیاتی اداروں کو مرحلہ وار اپ گریڈ کیا جائے گا۔ وزیر اعلیٰ نے کہا کہ گزشتہ ایک سال سے رکن صوبائی اسمبلی انجینئر زمرک خان اچکزئی مسلے دکی وسطے دکی اور گلستان کی میونسپل کمیٹیوں کے قیام کے لیے مسلسل کوششیں کر رہے تھے، جنہیں آج عملی شکل دے دی گئی ہے۔ انہوں نے کہا کہ حکومت کی کوشش ہے کہ صوبے کے دیگر ایسے علاقوں میں بھی، جہاں رائج قوانین اور مقررہ معیار کے مطابق شرائط پوری ہوتی ہوں، عوامی ضروریات کے پیش نظر بلدیاتی اداروں کا مؤثر اور مضبوط نظام قائم کیا جائے تاکہ شہریوں کو مقامی سطح پر بہتر اور معیاری خدمات فراہم کی جا سکیں



وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی ترقیاتی منصوبوں کی پیشرفت سے متعلق سیکرٹریز کمیٹی کے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں



وزیر اعلیٰ میر سرفراز بگٹی سے نیشنل پارٹی کے سربراہ ڈاکٹر عبدالمالک بلوچ ملاقات کر رہے ہیں

DAILY ZAMANA

روزنامہ زمانہ کوئٹہ

جلد 81 | بدھ 5 اگست 2026ء، 21 صفر المظفر 1448ھ | صفحات 6 | قیمت 20 روپے | شمارہ 213



وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے رکن صوبائی اسمبلی انجینئر زمرک خان اچکزئی ملاقات کر رہے ہیں

# ترقی کے ثمرات عوام تک پہنچائے جائیں گے

## وزیراعلیٰ بلوچستان

ترقیاتی اہداف بھی مقررہ مدت میں مکمل کیے جائیں گے تاکہ بلوچستان کو ترقی، خوشحالی اور بہتر طرز حکمرانی کی نئی منزلوں کی جانب مزید تیزی سے گامزن کیا جا سکے

**حکومت کی اولین ترجیح عوام کو بنیادی سہولیات کی فراہمی اور بلدیاتی نظام کو مزید مؤثر بنانا ہے، میونسپل سروسز کی بہتری کے لیے اقدامات کا تسلسل برقرار رکھا جائے گا**

کوئٹہ (ڈ ن) بلوچستان کی تاریخ میں پہلی بار حکومت بلوچستان نے گزشتہ مالی سال کے دوران بجٹ میں شامل ترقیاتی منصوبوں کی مکمل تکمیل کو یقینی بناتے ہوئے اپنے مقررہ ترقیاتی اہداف کامیابی سے حاصل کر لیے۔ حکومت نے ایک جانب غیر ترقیاتی اخراجات میں 28 ارب روپے کی بچت کی تو دوسری جانب 2,966 ترقیاتی منصوبے مکمل کر کے ترقیاتی وسائل کے مؤثر، شفاف اور نتیجہ خیز استعمال کی نئی مثال قائم کی۔ یہ بات وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی زیر صدارت منعقدہ اجلاس میں بتائی گئی، جس میں گزشتہ اور رواں مالی سال کے ترقیاتی منصوبوں پر پیش رفت کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ اجلاس میں صوبائی وزیر منصوبہ بندی و ترقیات میر ظہور احمد بلیدی، چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان، سیکرٹری منصوبہ بندی و ترقیات، متعلقہ محکموں کے سیکرٹریز اور اعلیٰ حکام نے شرکت کی۔ صوبائی وزیر منصوبہ بندی و ترقیات میر ظہور بلیدی نے گزشتہ مالی سال کی کارکردگی رپورٹ وزیر اعلیٰ بلوچستان کو پیش کی، جبکہ چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان نے اجلاس کو تفصیلی بریفنگ دیتے ہوئے بتایا کہ گزشتہ مالی سال کے دوران حکومت نے ترقیاتی منصوبوں کی تکمیل کا مقررہ ہدف مکمل طور پر حاصل کیا۔ انہوں نے بتایا کہ صوبے کی تاریخ میں پہلی مرتبہ بجٹ میں منظور شدہ ترقیاتی منصوبوں کی مکمل تکمیل یقینی بنائی گئی، جبکہ غیر ترقیاتی اخراجات میں 28 ارب روپے کی بچت کے ساتھ 2,966 ترقیاتی منصوبے اپنی تکمیل تک پہنچائے گئے۔ اجلاس کو بتایا گیا کہ رواں مالی سال کے دوران 2,280 ترقیاتی منصوبوں پر کام جاری ہے اور تمام منصوبوں کی بروقت تکمیل کے لیے مؤثر مانیٹرنگ اور سخت نگرانی کا نظام وضع کیا گیا ہے۔ وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے ترقیاتی اہداف کے کامیاب حصول پر صوبائی وزیر منصوبہ بندی و ترقیات، چیف سیکرٹری، سیکرٹری منصوبہ بندی و ترقیات اور متعلقہ افسران کی کارکردگی کو سراہتے ہوئے انہیں شاباش دی اور تعریفی اسناد دینے کا اعلان کیا۔ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے وزیر اعلیٰ نے کہا کہ ترقیاتی منصوبوں کی بروقت تکمیل گڈ گورننس، مؤثر مانیٹرنگ اور مضبوط نگرانی کے نظام کا ثمر ہے۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان کے ترقیاتی وسائل کی ایک ایک پائی عوام کی فلاح و بہبود اور پائیدار ترقی پر خرچ کی جائے گی، جبکہ ترقیاتی منصوبوں میں شفافیت، رفتار اور معیار پر کسی قسم کا سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا۔ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ وزیر اعلیٰ انسپکشن ٹیم اور مانیٹرنگ اینڈ ایویلیوایشن ڈائریکٹوریٹ کی مؤثر نگرانی سے شفافیت اور کرپشن کی مؤثر روک تھام ممکن ہوئی اور ترقیاتی فنڈز کے شفاف استعمال کو یقینی بنایا جا رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ عوامی مفاد کے منصوبوں کی بروقت تکمیل حکومت بلوچستان کی اولین ترجیح ہے اور ترقی کے ثمرات صوبے کے ہر ضلع اور ہر شہری تک پہنچائے جائیں گے۔ وزیر اعلیٰ نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ رواں مالی سال کے ترقیاتی اہداف بھی مقررہ مدت میں مکمل کیے جائیں گے تاکہ بلوچستان کو ترقی، خوشحالی اور بہتر طرز حکمرانی کی نئی منزلوں کی جانب مزید تیزی سے گامزن کیا جا سکے۔ اجلاس میں صوبائی وزراء میر ظہور احمد بلیدی، میر شعیب احمد نوشیروانی، میر محمد صادق عمرانی، میر اسماعیل خان جمالی نے بھی شرکت کی۔ ادھر وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی جانب سے مسے زلی، سے زلی اور کوہستان کو میونسپل کمیٹیوں کا درجہ دینے کے اعلان پر عملدرآمد کرتے ہوئے حکومت بلوچستان نے تمام قانونی اور انتظامی تقاضے مکمل کرنے کے بعد دونوں نئی میونسپل کمیٹیوں کے قیام کا باقاعدہ نوٹیفکیشن جاری کر دیا ہے۔ نوٹیفکیشن کے اجراء کے روز وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے عوامی نیشنل پارٹی کے پارلیمانی لیڈر اور رکن صوبائی اسمبلی انجینئر زمرک خان اچکزئی نے ملاقات کی۔ اس موقع پر انجینئر زمرک خان اچکزئی نے مسے زلی، سے زلی اور کوہستان کی نئی میونسپل کمیٹیوں کے قیام کے اعلان اور نوٹیفکیشن کے اجراء پر وزیر اعلیٰ کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ انہوں نے عوام سے کیا گیا وعدہ پورا کر دیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ نئی میونسپل کمیٹیوں کے قیام سے مقامی سطح پر شہریوں کو بہتر بلدیاتی اور میونسپل سہولیات میسر آئیں گی، جبکہ اس اقدام سے مقامی ترقی اور عوامی مسائل کے حل میں بھی نمایاں بہتری آئے گی۔ انہوں نے امید ظاہر کی کہ وزیر اعلیٰ بلوچستان دیگر ایسے علاقوں میں بھی بلدیاتی اداروں کے قیام اور اپ گریڈیشن کے لیے اقدامات کا سلسلہ جاری رکھیں گے جہاں اس کی ضرورت موجود ہے۔ اس موقع پر وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ حکومت کی اولین ترجیح عوام کو بنیادی سہولیات کی فراہمی اور بلدیاتی نظام کو مزید مؤثر بنانا ہے۔ انہوں نے کہا کہ میونسپل سروسز کی بہتری کے لیے اقدامات کا تسلسل برقرار رکھا جائے گا اور قواعد و ضوابط کے مطابق مقررہ معیار پر پورا اترنے والے بلدیاتی اداروں کو مرحلہ وار اپ گریڈ کیا جائے گا۔ وزیر اعلیٰ نے کہا کہ گزشتہ ایک سال سے رکن صوبائی اسمبلی انجینئر زمرک خان اچکزئی مسے زلی، سے زلی اور کوہستان کی میونسپل کمیٹیوں کے قیام کے لیے مسلسل کوششیں کر رہے تھے، جنہیں آج عملی شکل دے دی گئی ہے۔ انہوں نے کہا کہ حکومت کی کوشش ہے کہ صوبے کے دیگر ایسے علاقوں میں بھی، جہاں رائج قوانین اور مقررہ معیار کے مطابق شرائط پوری ہوتی ہوں، عوامی ضروریات کے پیش نظر بلدیاتی اداروں کا مؤثر اور مضبوط نظام قائم کیا جائے تاکہ شہریوں کو مقامی سطح پر بہتر اور معیاری خدمات فراہم کی جا سکیں۔ دریں اثناء وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے یوم استحصال کشمیر کے موقع پر اپنے خصوصی پیغام میں کہا ہے کہ 5 اگست 2019 کا غیر قانونی اقدام بین الاقوامی قوانین، اقوام متحدہ کی قراردادوں اور انسانی حقوق کے بنیادی اصولوں کی کھلی خلاف ورزی تھا۔ بھارت کی جانب سے مقبوضہ جموں و کشمیر کی خصوصی آئینی حیثیت کو یکطرفہ طور پر تبدیل کرنے کا اقدام نہ صرف غیر قانونی ہے بلکہ اس سے خطے کے امن و استحکام کو بھی شدید نقصان پہنچا ہے۔ وزیر اعلیٰ بلوچستان نے کہا کہ یوم استحصال کشمیر کشمیری عوام سے مکمل یکجہتی کے اظہار، ان کی عظیم قربانیوں کو خراج تحسین پیش کرنے اور عالمی برادری کی توجہ مقبوضہ جموں و کشمیر میں جاری انسانی حقوق کی سنگین خلاف ورزیوں کی جانب مبذول کرانے کا دن ہے۔

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Bullet No. 1

Page No. 12

Daily Qudrat Quetta

روزنامہ قدرت کوئٹہ

چیف ایڈیٹر نعمت اللہ

صفحات 8 قیمت 15 روپے

جلد 22 | بدھ 05 اگست 2026ء، 21 صفر المظفر 1447ھ | شمارہ 118

## پولیس کے شہداء قوم کا عظیم سرمایہ اور پاکستان کے ماتھے کا جھومر ہیں، وزیر اعلیٰ بلوچستان

**شہداء کی قربانیاں ہماری قومی تاریخ کا روشن باب ہیں، میر سرفراز بگٹی**

شہدائے پولیس کا مقدس مشن ہر قیمت پر پایہ تکمیل تک پہنچایا جائے گا

کوئٹہ (خ ن) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے یوم شہدائے پولیس کے موقع پر اپنے خصوصی پیغام میں کہا ہے کہ پولیس کے شہداء قوم کا عظیم سرمایہ اور پاکستان کے بقیہ 13 صفحہ 6 پر

فضل الرحمٰن کوئٹہ پہنچ گئے، جہاں انہوں نے سابق اپوزیشن لیڈر ملک سکندر ایڈووکیٹ کی رہائش گاہ کا دورہ کیا۔ اس موقع پر مولانا فضل الرحمٰن نے ملک سکندر ایڈووکیٹ سے ان کے بھائی کے انتقال پر دلی تعزیت کا اظہار کیا، مرحوم کے درجات کی بلندی، مغفرت اور اہل خانہ کے لیے صبر جمیل کی دعا کی۔ بعد ازاں انہوں نے مرحوم کے ایصال ثواب کے لیے فاتحہ خوانی بھی کی۔ اس موقع پر جے یو آئی کے مقامی رہنما اور دیگر سیاسی شخصیات بھی موجود تھیں۔

# 5 اگست بھارتی جارحیت کی جتنی مذمت کی جائے کم ہے

سرفراز بگٹی

**یوم استحصال کشمیر کشمیری عوام سے مکمل یکجہتی کے اظہار، ان کی عظیم قربانیوں کو خراج تحسین پیش**

**طاقت کے استعمال، جبر، محاصرے اور انسانی حقوق کی پامالیوں سے کشمیری عوام کے عزم کو کمزور نہیں کیا جا سکتا**

کوئٹہ (خ ن) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے یوم استحصال کشمیر کے بقیہ 4 صفحہ 6 پر

موقع پر اپنے خصوصی پیغام میں کہا ہے کہ 5 اگست 2019 کا غیر قانونی اقدام بین الاقوامی قوانین، اقوام متحدہ کی قراردادوں اور انسانی حقوق کے بنیادی اصولوں کی کھلی خلاف ورزی تھا۔ بھارت کی جانب سے مقبوضہ جموں و کشمیر کی متنازعہ حیثیت کو یکطرفہ طور پر تبدیل کرنے کا اقدام نہ صرف غیر قانونی ہے بلکہ اس سے خطے کے امن و استحکام کو بھی شدید نقصان پہنچا ہے۔ وزیر اعلیٰ بلوچستان نے کہا کہ یوم استحصال کشمیر کشمیری عوام سے مکمل یکجہتی کے اظہار، ان کی عظیم قربانیوں کو خراج تحسین پیش کرنے اور عالمی برادری کی توجہ مقبوضہ جموں و کشمیر میں جاری انسانی حقوق کی سنگین خلاف ورزیوں کی جانب مبذول کرانے کا دن ہے۔



وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی منصوبوں کی پیشرفت سے متعلق بیکر ریویو کمیٹی کے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں



کوئٹہ، وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے اسپیکر بلوچستان اسمبلی عبدالخالق اچکزئی ملاقات کر رہے ہیں

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Bullet No. 1

Page No. 13

روزنامہ میزان کوئٹہ

بانی: مولانا عبدالکریم
بیاد: جمیل الرحمن
بیاد: ہو کت علی

چیف ایڈیٹر: محمد زبیر خلجی

جلد 77 | بدھ 05 اگست 2026ء، 21 صفر المظفر 1448ھ | قیمت 20 روپے | شمارہ 329

بلوچستان کی تاریخ میں پہلی بار حکومت بلوچستان نے گزشتہ مالی سال کے دوران بجٹ میں شامل ترقیاتی منصوبوں کی مکمل تکمیل کو یقینی بناتے ہوئے اپنے مقررہ ترقیاتی اہداف کامیابی سے حاصل کر لیے

# عوامی مفاد کے منصوبوں کی بروقت تکمیل اولین ترجیح ہے

## وزیر اعلیٰ بلوچستان

حکومت نے ایک جانب غیر ترقیاتی اخراجات میں 28 ارب روپے کی بچت کی جبکہ دوسری جانب 2,966 ترقیاتی منصوبے مکمل کرکے ترقیاتی وسائل کے مؤثر، شفاف اور نتیجہ خیز استعمال کی نئی مثال قائم کی۔ وزیر اعلیٰ بلوچستان کی زیر صدارت سیکرٹریز کمیٹی کے اجلاس میں بریفنگ

کوئٹہ (خ ن) بلوچستان کی تاریخ میں پہلی بار | حکومت بلوچستان نے گزشتہ مالی سال کے دوران بجٹ میں شامل | ترقیاتی منصوبوں کی مکمل تکمیل کو یقینی بناتے ہوئے اپنے مقررہ ترقیاتی اہداف کامیابی سے حاصل کر (بقیہ 2 صفحہ 2 پر)

لیے۔ حکومت نے ایک جانب غیر ترقیاتی اخراجات میں 28 ارب روپے کی بچت کی جبکہ دوسری جانب 2,966 ترقیاتی منصوبے مکمل کرکے ترقیاتی وسائل کے مؤثر، شفاف اور نتیجہ خیز استعمال کی نئی مثال قائم کی۔ یہ بات وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی زیر صدارت سیکرٹریز کمیٹی کے اجلاس میں بتائی گئی، جس



وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کو صوبائی وزیر ترقیات و منصوبہ بندی میر ظہور احمد بلیدی کارکردگی رپورٹ پیش کر رہے ہیں

میں گزشتہ اور رواں مالی سال کے ترقیاتی منصوبوں پر پیش رفت کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ اجلاس میں صوبائی وزیر منصوبہ بندی و ترقیات میر ظہور بلیدی، چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان، سیکرٹری منصوبہ بندی و ترقیات، متعلقہ محکموں کے سیکرٹریز اور اعلیٰ حکام نے شرکت کی۔ صوبائی وزیر منصوبہ بندی و ترقیات میر ظہور بلیدی نے گزشتہ مالی سال کی کارکردگی رپورٹ وزیر اعلیٰ بلوچستان کو پیش کی، جبکہ چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان نے اجلاس کو تفصیلی بریفنگ دیتے ہوئے بتایا کہ گزشتہ مالی سال کے دوران حکومت نے ترقیاتی منصوبوں کی تکمیل کا مقررہ ہدف مکمل طور پر حاصل کیا۔ انہوں نے بتایا کہ صوبے کی تاریخ میں پہلی مرتبہ بجٹ میں منظور شدہ ترقیاتی منصوبوں کی مکمل تکمیل یقینی بنائی گئی، جبکہ غیر ترقیاتی اخراجات میں 28 ارب روپے کی بچت کے ساتھ 2,966 ترقیاتی منصوبے پایۂ تکمیل تک پہنچائے گئے۔ اجلاس کو بتایا گیا کہ رواں مالی سال کے دوران 2,280 ترقیاتی منصوبوں پر کام جاری ہے اور تمام منصوبوں کی بروقت تکمیل کے لیے مؤثر مانیٹرنگ اور سخت نگرانی کا نظام وضع کیا گیا ہے۔ وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے ترقیاتی اہداف کے کامیاب حصول پر صوبائی وزیر منصوبہ بندی و ترقیات، چیف سیکرٹری، سیکرٹری منصوبہ بندی و ترقیات اور متعلقہ افسران کی کارکردگی کو سراہتے ہوئے انہیں شاباش دی اور تعریفی اسناد دینے کا اعلان کیا۔ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے وزیر اعلیٰ نے کہا کہ ترقیاتی منصوبوں کی بروقت تکمیل گڈ گورننس، مؤثر مانیٹرنگ اور مضبوط نگرانی کے نظام کا ثمر ہے۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان کے ترقیاتی وسائل کی ایک ایک پائی عوام کی فلاح و بہبود اور پائیدار ترقی پر خرچ کی جائے گی، جبکہ ترقیاتی منصوبوں میں شفافیت، رفتار اور معیار پر کسی قسم کا سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا۔ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ وزیر اعلیٰ انسپکشن ٹیم اور مانیٹرنگ اینڈ ایویلیوایشن ڈائریکٹوریٹ کی مؤثر نگرانی سے بدعنوانی اور کرپشن کی مؤثر روک تھام ممکن ہوگی اور ترقیاتی فنڈز کے شفاف استعمال کو یقینی بنایا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ عوامی مفاد کے منصوبوں کی بروقت تکمیل حکومت بلوچستان کی اولین ترجیح ہے اور ترقی کے ثمرات صوبے کے ہر ضلع اور ہر شہری تک پہنچائے جائیں گے۔ وزیر اعلیٰ نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ رواں مالی سال کے ترقیاتی اہداف بھی مقررہ مدت میں مکمل کیے جائیں گے تاکہ بلوچستان کو ترقی، خوشحالی اور بہتر طرز حکمرانی کی نئی منزلوں کی جانب مزید تیزی سے گامزن کیا جا سکے۔ اجلاس میں صوبائی وزراء میر ظہور احمد بلیدی، میر شعیب احمد نوشیروانی، میر محمد صادق عمرانی، سردار فیصل خان جمالی نے بھی شرکت کی۔

CamScanner

CLIPPING SERVICE

Balochistan Tim

92 NEWS MEDIA GROUP

balochistantimes.pk @balochistantimes.pk

Regd No. B.C.6 VOL XLV No. 1537 QUETTA Wednesday August 05, 2026 / Safar 21, 1448

# CM vows continued support for Kashmiris

## Bugti pays tribute to Balochistan police martyrs

**Staff Report**

**QUETTA:** Chief Minister Balochistan Mir Sarfaraz Bugti, in his special message on the occasion of Kashmir Liberation Day, has said that the illegal act of August 5, 2019 was a clear violation of international laws, UN resolutions and fundamental principles of human rights. India's move to unilaterally change the disputed constitutional status of occupied Jammu and Kashmir is not only illegal but has also severely damaged the peace and stability of the region. The Chief Minister Balochistan said that Kashmir Liberation Day is a day to express complete solidarity with the Kashmiri people, pay tribute to their great sacrifices and draw the attention of the international community to the grave violations of human rights in occupied Jammu and Kashmir. He said that the Kashmiri people have been making unprecedented sacrifices for the past several decades to achieve their right to self-determination, which the entire Pakistani nation salutes. Mir Sarfaraz Bugti said that Pakistan's position is clear, principled and unwavering that the only lasting solution to the Kashmir issue lies in a free and fair plebiscite in accordance with the resolutions of the United Nations Security Council and the wishes of the Kashmiri people. He said that the resolve of the Kashmiri people cannot be weakened by the use of force, coercion, siege and human rights violations. The Chief Minister of Balochistan said that the people of Balochistan express complete solidarity with their Kashmiri brothers and sisters and will continue to fully support their political, diplomatic and moral struggle. He said that the entire Pakistani nation is united on the issue of Kashmir and will never leave the Kashmiri people alone. He urged the international community, the United Nations, the Organization of Islamic Cooperation (OIC) and international human rights institutions to take immediate notice of the continuous human rights violations, extrajudicial killings, enforced disappearances, restrictions on expression of opinion and attempts to change the population ratio in occupied Jammu and Kashmir and to bind India to implement international laws and UN resolutions. Chief Minister Balochistan Mir Sarfaraz Bugti reiterated the resolve that the people of Pakistan and Balochistan will always stand by the Kashmiri people in their legitimate struggle and will continue to extend all possible political, diplomatic and moral support until a just, lasting and peaceful solution to the Kashmir issue is achieved.

Meanwhile, Balochistan Chief Minister Mir Sarfaraz Bugti has said in his special message on the occasion of Police Martyrs Day that the police martyrs are the great asset of the nation and the pride of Pakistan who have sacrificed their lives for the peace of the homeland, the rule of law and the protection of the lives and property of the people, creating timeless stories of loyalty, bravery and duty. He said that the sacrifices of the martyrs are a bright chapter in our national history and the nation will always remember these great sacrifices with honor and respect.

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. 1

Dated: 05 AUG 2026 Page No. 15

# عوام کے اعتماد کو ہرگز ٹھیس نہیں پہنچائیں گے‘ صادق عمرانی

**پٹ فیڈر کینال کے نظام میں بہتری لا کر ٹیل تک پانی کی منصفانہ فراہمی یقینی بنائیں گے**

**عوامی خدمت، شفاف طرز حکمرانی ہماری اولین ترجیح ہے‘ صوبائی وزیر آبپاشی**

چمن (پ ی این اے) عوام کے اعتماد کو ہرگز ٹھیس نہیں پہنچنے دیں گے، پٹ فیڈر کینال کے نظام میں بہتری لا کر ٹیل تک پانی کی منصفانہ فراہمی یقینی بنائیں گے صوبائی وزیر آبپاشی بلوچستان میر محمد صادق خان عمرانی‘ تفصیلات کے مطابق صوبائی وزیر برائے آبپاشی بلوچستان میر محمد صادق خان عمرانی نے کہا ہے کہ عوام نے جس اعتماد اور بھاری مینڈیٹ کے ساتھ انہیں کامیاب بنایا ہے، وہ اس اعتماد کو اپنی سب سے بڑی ذمہ داری سمجھتے ہیں اور کسی صورت........ بقیہ 26 صفحہ نمبر 7 پر

عوام کے اعتماد کو ٹھیس نہیں پہنچنے دیں گے انہوں نے کہا کہ عوامی خدمت، شفاف طرز حکمرانی اور ترقیاتی منصوبوں کی بروقت تکمیل ان کی اولین ترجیح ہے، جبکہ عوام سے کئے گئے تمام وعدوں کو عملی جامہ پہنایا جائے گا انہوں نے کہا کہ محکمہ ایریگیشن بلوچستان میں اصلاحات کا عمل تیز کیا جا رہا ہے اور بالخصوص پٹ فیڈر کینال کے نظام کو مزید مؤثر، شفاف اور فعال بنانے کے لئے جامع حکمت عملی کے تحت اقدامات کئے جا رہے ہیں۔ نصیرآباد ڈویژن کی زرعی معیشت کا انحصار پٹ فیڈر کینال پر ہے، اس لیے نہروں کی بروقت صفائی، پشتوں کی مضبوطی، مرمتی کام، پانی کے ضیاع کی روک تھام اور ٹیل کے علاقوں تک پانی کی منصفانہ اور بلاتعطل فراہمی ہر قیمت پر یقینی بنائی جائے گی میر محمد صادق خان عمرانی نے کہا کہ پانی کی غیر قانونی چوری، ناجائز نکاسی اور غیر منصفانہ تقسیم کسی صورت برداشت نہیں کی جائے گی۔ متعلقہ افسران کو ہدایت کی گئی ہے کہ فیلڈ میں اپنی موجودگی کو یقینی بنائیں، کاشتکاروں کی شکایات فوری طور پر حل کریں اور آبپاشی کے نظام کی مؤثر نگرانی کریں تاکہ ہر زمیندار کو اس کا جائز حق مل سکے انہوں نے کہا کہ محکمہ ایریگیشن کے تحت جاری اور نئے ترقیاتی منصوبوں میں شفافیت، اعلیٰ معیار اور بروقت تکمیل پر کوئی سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا عوامی وسائل کی حفاظت حکومت کی اولین ذمہ داری ہے اور ناقص تعمیراتی کام، غفلت یا غیر ضروری تاخیر کے ذمہ دار عناصر کے خلاف قانون کے مطابق کارروائی عمل میں لائی جائے گی صوبائی وزیر آبپاشی نے کہا کہ وزیر اعلیٰ بلوچستان کی قیادت میں صوبائی حکومت زرعی شعبے کی ترقی، کاشتکاروں کی خوشحالی اور آبپاشی کے نظام کی بہتری کے لئے عملی اقدامات کر رہی ہے۔ پٹ فیڈر کینال سمیت صوبے کے تمام اہم آبپاشی منصوبوں کو جدید تقاضوں سے ہم آہنگ کر کے زرعی پیداوار میں اضافہ، پانی کی منصفانہ تقسیم اور کسانوں کے دیرینہ مسائل کا پائیدار حل یقینی بنایا جائے گا انہوں نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ عوام کی امیدوں پر پورا اترنا ان کی اولین ذمہ داری ہے اور عوامی خدمت، دیانتداری، شفافیت اور ترقی کے سفر کو ہر حال میں جاری رکھا جائے گا تاکہ نصیرآباد سمیت بلوچستان بھر کے عوام حقیقی معنوں میں ترقی کے ثمرات سے مستفید ہو سکیں۔

# ن لیگ مسائل کے دیرپا حل پر یقین رکھتی ہے‘ محمد خان لہڑی

**حکومت عوام سے کئے وعدوں کی تکمیل کیلئے عملی اقدامات اٹھا رہی ہے: صحافیوں سے گفتگو**

اوستہ محمد (آئی این پی) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے رہنما اور صوبائی وزیر ایکسائز اینڈ ٹیکسیشن میر محمد خان لہڑی نے کہا ہے کہ بلوچستان حکومت صوبے میں پائیدار ترقی امن و امان کے قیام اور عوام کی خوشحالی کو اپنی اولین ترجیحات میں شامل کئے ہوئے ہے جبکہ مسلم لیگ (ن) ہمیشہ عوامی خدمت ترقیاتی عمل اور مسائل کے دیرپا حل کی سیاست پر یقین رکھتی ہے انہوں نے ان خیالات کا اظہار اوستہ محمد پریس کلب کے وفد سے ملاقات کے دوران........ بقیہ 33 صفحہ نمبر 7 پر

کیا۔ صوبائی وزیر نے کہا کہ اپنے حلقہ انتخاب کے عوامی اور اجتماعی مسائل کے حل کے لئے بھرپور اقدامات کئے جا رہے ہیں اور متعدد ترقیاتی منصوبے مکمل ہونے کے بعد عوام ان کے ثمرات سے مستفید ہو رہے ہیں جبکہ دیگر منصوبوں پر تیزی سے کام جاری ہے۔ میر محمد خان لہڑی نے کہا کہ موجودہ صوبائی حکومت بلوچستان کے تمام اضلاع میں بلاامتیاز ترقیاتی منصوبے شروع کر چکی ہے جن کے ذریعے بنیادی سہولیات کی فراہمی انفراسٹرکچر کی بہتری روزگار کے مواقع اور عوام کے معیار زندگی میں نمایاں بہتری لائی جائے گی انہوں نے کہا کہ حکومت عوام سے کئے وعدوں کی تکمیل کیلئے عملی اقدامات اٹھا رہی ہے اور ترقیاتی عمل کو مزید تیز کیا جائے گا تاکہ اس کے ثمرات صوبے کے ہر علاقے تک پہنچ سکیں انہوں نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ عوام کا اعتماد حکومت کا سرمایہ ہے اور عوامی خدمت کا سفر پوری دیانت۔ شفافیت اور ذمہ داری کے ساتھ جاری رکھا جائے گا۔

# پاکستان کا ہر شہری کشمیری بھائیوں کے ساتھ ہے‘ بخت محمد کاکڑ

**ہم ہر سطح پر کشمیری عوام کی اخلاقی، سفارتی اور سیاسی حمایت جاری رکھیں گے: صوبائی وزیر**

کوئٹہ (اے این این) صوبائی وزیر صحت بلوچستان بخت محمد کاکڑ نے یوم استحصال کشمیر کے موقع پر اپنے خصوصی پیغام میں کہا ہے کہ 5 اگست 2019ء جنوبی ایشیا کی تاریخ کا ایک سیاہ باب ہے، جب بھارت نے یکطرفہ اقدامات کے ذریعے مقبوضہ جموں و کشمیر کی خصوصی آئینی حیثیت کو ختم کرتے ہوئے کشمیری عوام کے بنیادی حقوق پر حملہ کیا اس اقدام نے نہ صرف اقوام متحدہ کی قراردادوں بلکہ بین الاقوامی قوانین اور انسانی حقوق کے اصولوں کی بھی نفی........ بقیہ 30 صفحہ نمبر 7 پر

کی۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کا ہر شہری اپنے کشمیری بھائیوں اور بہنوں کے ساتھ کھڑا ہے اور بلوچستان کے عوام بھی کشمیری عوام کی منصفانہ جدوجہد حق خودارادیت کی مکمل حمایت کرتے ہیں۔ ان کا کہنا تھا کہ کشمیری عوام کئی دہائیوں سے آزادی، انصاف اور امن کیلئے بے مثال قربانیاں دے رہے ہیں، جنہیں پوری پاکستانی قوم سلام پیش کرتی ہے۔ بخت محمد کاکڑ نے کہا کہ یوم استحصال کشمیر ہمیں اس عزم کی تجدید کا موقع فراہم کرتا ہے کہ ہم ہر سطح پر کشمیری عوام کی اخلاقی، سفارتی اور سیاسی حمایت جاری رکھیں گے۔ انہوں نے کہا کہ عالمی برادری کو چاہئے کہ وہ مقبوضہ جموں و کشمیر کی صورتحال کا سنجیدگی سے نوٹس لے اور مسئلہ کشمیر کے منصفانہ اور پائیدار حل کے لئے اپنا کردار ادا کرے۔ انہوں نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ کشمیری عوام کو امن، عزت اور انصاف نصیب فرمائے اور خطے میں پائیدار امن قائم ہو۔

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 1

Dated: 05 AUG 2026 Page No. 16


## بی آر اے کو فعال، ٹیکس وصولی کا دائرہ پورے بلوچستان تک بڑھانے کا فیصلہ

**وزیر خزانہ میر شعیب نوشیروانی کی زیر صدارت اجلاس، آؤٹ سورس منصوبہ بنانے کی ہدایت**

کوئٹہ (خ ن) صوبائی وزیر خزانہ بلوچستان میر شعیب نوشیروانی کی زیر صدارت بلوچستان ریونیو اتھارٹی (BRA) کا اجلاس منعقد ہوا، جس میں سیکرٹری خزانہ جہانگیر کاکڑ، اسپیشل سیکرٹری خزانہ عارف اچکزئی، چیئرمین بی آر اے عبداللہ خان اور دیگر حکام نے شرکت کی۔ اجلاس میں بی آر اے کی کارکردگی، محصولات میں اضافے، ٹیکس نظام کو شفاف اور مؤثر بنانے، واجبات کی بروقت وصولی اور ریونیو اہداف کا جائزہ لیا گیا۔ اجلاس میں آؤٹ سورس کو مزید فعال بنانے، ریکوری کے عمل کو تیز کرنے اور ہوٹلوں، متعلقہ اداروں، بینکوں، ٹھیکیداروں اور دیگر سروس فراہم کنندگان سے واجب الادا ٹیکس کی جلد وصولی یقینی بنانے کا فیصلہ کیا گیا۔

## 5 اگست مقبوضہ جموں و کشمیر کی تاریخ کا سیاہ ترین دن ہے، نور محمد دمڑ

**مقبوضہ کشمیر دنیا کی سب سے بڑی جیل، کشمیری عوام کی حق خودارادیت کی جدوجہد کو سلام پیش کرتے ہیں**

ہرنائی (نامہ نگار) صوبائی وزیر خوراک حاجی نور محمد خان دمڑ نے 5 اگست "یوم استحصال کشمیر" کے موقع پر اپنے بیان میں کہا ہے کہ مقبوضہ جموں و کشمیر کی تاریخ کا یہ سیاہ ترین دن ہے۔ انہوں نے کہا کہ بھارت نے 5 اگست 2019 کو غیر قانونی اور یکطرفہ اقدامات کرکے کشمیر کی خصوصی حیثیت ختم کی، جس کی ہم سخت الفاظ میں مذمت کرتے ہیں۔ 5 اگست دنیا کے سامنے نہ صرف بھارت کا مکروہ چہرہ بے نقاب ہوا بلکہ کشمیری عوام پر جاری ختم نہ ہونے والے مظالم بھی عیاں ہو گئے۔ حاجی نور محمد خان دمڑ نے کہا کہ ہم کشمیری عوام کی حق خودارادیت کی جدوجہد کو سلام پیش کرتے ہیں۔ مقبوضہ کشمیر کو آج دنیا کی سب سے بڑی جیل میں تبدیل کر دیا گیا ہے۔ انشاءاللہ ہمارے کشمیری بہن بھائی آزادی کی صبح ضرور دیکھیں گے۔

## دو سال کے دوران بلوچستان میں تاریخی اصلاحات متعارف کرائی گئیں، ظہور بلیدی

**تمام ترقیاتی منصوبوں کی یونین کونسل کی سطح تک جیو ٹیگنگ سے منصوبوں کی نگرانی مزید مؤثر ہوئی ہے**

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) صوبائی وزیر ترقیات و منصوبہ بندی میر ظہور احمد بلیدی نے کہا ہے کہ بلوچستان میں ترقیاتی منصوبہ بندی، نگرانی اور عملدرآمد کے نظام میں گزشتہ دو برس کے دوران تاریخی اصلاحات متعارف کرائی گئیں، تقریباً تمام ترقیاتی منصوبوں کی یونین کونسل کی سطح تک جیو ٹیگنگ بھی مکمل کی جا چکی ہے، جس سے منصوبوں کی نگرانی مزید مؤثر ہوئی ہے۔ گزشتہ دو برس کے دوران منصوبوں کی تیاری اور منظوری کے نظام میں نمایاں اصلاحات اور منصوبوں پر بروقت عملدرآمد اور فنڈز کے مؤثر استعمال کو بھی یقینی بنایا گیا ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے مشن کو آرڈینیٹر پلاننگ اینڈ ڈیولپمنٹ کی کارکردگی سے متعلق پریس بریفنگ کے موقع پر کیا۔ اس موقع پر صوبائی وزیر رابطہ میر ضیاءاللہ لانگو اور ایڈیشنل چیف سیکرٹری ترقیات و منصوبہ بندی زاہد سلیم بھی موجود تھے۔

## بلوچستان کی ترقی کا دارومدار قبائل کے اتحاد میں ہے، لیاقت لہڑی

**ہمیں اختلافات کو گفت و شنید، برداشت اور رواداری کے ذریعے حل کرنا چاہیے، بات چیت**

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) پاکستان پیپلز پارٹی کے مرکزی رہنما صوبائی پارلیمانی سیکرٹری برائے ٹرانسپورٹ میر لیاقت لہڑی نے کہا ہے کہ بلوچستان کی ترقی، استحکام اور خوشحالی کا دارومدار قبائل کے درمیان اتحاد، باہمی اعتماد اور اخوت پر ہے، ہمیں اختلافات کو گفت و شنید، برداشت اور رواداری کے ذریعے حل کرنا چاہیے۔ یہ بات انہوں نے منگل کو نوروزئی قبائل کے معتبرین کی لہڑی ہاؤس آمد کے موقع پر بات چیت کرتے ہوئے کہی۔ قبل ازیں نوروزئی قبائل کے معتبرین کا لہڑی ہاؤس کوئٹہ پہنچنے پر میر لیاقت لہڑی اور لہڑی قبائل کے معتبرین نے استقبال کیا۔ میر لیاقت لہڑی نے اس عزم کا اظہار کیا کہ علاقے میں امن، بھائی چارے اور عوامی خدمت کے لیے تمام قبائل کو ساتھ لے کر چلنے کی روایت کو مزید مضبوط بنایا جائے گا تاکہ آنے والی نسلوں کو ایک پرامن اور متحد معاشرہ میسر آ سکے۔ نوروزئی قبائل کے عمائدین نے میر لیاقت لہڑی کی میزبانی کو سراہتے ہوئے باہمی اتحاد، امن اور علاقائی ترقی کے لیے مشترکہ کوششیں جاری رکھنے کے عزم کا اعادہ کیا۔


INTEKHAB QUETTA


## بلوچستان میں ایم 8 منصوبہ، سرحدی تجارت کو تقویت ملے گی، علیم خان

**این ایچ اے کا ریونیو 127 ارب ہو چکا، متعدد موٹرویز پر کام جلد شروع کیا جائیگا، تقریب سے خطاب**

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر مواصلات عبدالعلیم خان نے کہا ہے کہ نیشنل ہائی وے اتھارٹی کا ریونیو 64 ارب روپے سے بڑھ کر 127 ارب روپے کی ریکارڈ سطح پر پہنچ چکا ہے، جس کی بدولت پاکستان اب بغیر کسی بیرونی امداد کے اپنے وسائل سے موٹرویز اور شاہراہوں کا

بقیہ نمبر 45 صفحہ 5 پر

نیٹ ورک پھیلا رہا ہے، کرتارپور اور ننکانہ صاحب کو جوڑنے کے لیے ہائی وے کی تعمیر، اسلام آباد ایکسپریس وے سرگودھا ایکسپریس وے اور ایم 8 پر جلد کام شروع ہوگا۔ نیشنل ہائی وے اینڈ موٹروے پولیس آڈیٹوریم اسلام آباد میں یوم شہدائے پولیس کی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ 4 اگست ہماری قومی تاریخ کا اہم دن ہے، موٹروے پولیس ایمانداری اور شہادت تمام پاکستانی قوم کے لیے مشعل راہ ہے۔ انہوں نے کہا کہ موٹروے پولیس کے 59 شہداء سمیت تمام شہدائے پولیس کی قربانیاں ناقابل فراموش ہیں۔ انہوں نے کہا کہ کراچی پورٹ سے تجارتی نقل و حمل کے لیے M-10 اور لیاری ایکسپریس وے کو متحرک کیا گیا ہے، جبکہ M-6 موٹروے پر جلد کام شروع ہوگا اور بلوچستان میں M-8 منصوبوں سے ایران کے ساتھ سرحدی تجارت کو تقویت ملے گی۔ انہوں نے کہا کہ گلگت کی سیاحتی سڑکوں پر کام جاری ہے جبکہ یہ 25 کے سال تک مکمل کر لی جائے گی۔

CS CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 2

Dated: 05 AUG 2026 Page No. 17

## ترقیاتی منصوبوں کی بروقت تکمیل اور قیمتوں پر کنٹرول یقینی بنایا جائے، چیف سیکرٹری

**ڈپٹی کمشنرز کانفرنس میں ترقیاتی منصوبوں، شکایات کے ازالے اور غیر قانونی تارکین وطن کی واپسی کا جائزہ**

کوئٹہ (خ ن) چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان کی زیر صدارت ڈپٹی کمشنرز کانفرنس میں عوامی فلاح، بنیادی سہولیات کی فراہمی، ترقیاتی منصوبوں کی بروقت تکمیل اور غیر قانونی طور پر مقیم تارکین وطن کی واپسی کے امور کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ اجلاس میں متعلقہ سیکرٹریز، کمشنرز اور ڈپٹی کمشنرز نے شرکت کی۔ چیف سیکرٹری نے ہدایت کی کہ عوامی شکایات کے فوری ازالے، پانی، صحت، تعلیم، سڑکوں اور دیگر بنیادی سہولیات کی فراہمی کو اولین ترجیح دی جائے۔ اجلاس کو بتایا گیا کہ مانیٹرنگ اینڈ ایویلیوایشن سیکشن کے تحت 516 منصوبے مکمل کیے جا چکے ہیں جبکہ پی ایس ڈی پی کے پہلے اور دوسرے مرحلے کے 4047 ترقیاتی منصوبوں میں سے تقریباً 90 فیصد مکمل ہو چکے ہیں۔

MASHRIQ QUETTA

## افسران محکموں کو عوامی شکایات کے ازالے کیلئے متحرک کریں، چیف سیکرٹری

**پانی، صحت، تعلیم و سڑکوں سمیت بنیادی سہولیات کی فراہمی اہم صوبائی ترجیحات میں شامل ہیں، شکیل قادر خان**

**ماحولیاتی بہتری، شجرکاری کیلئے خاص طور پر پری فیب ہاؤسز اور سرکاری عمارتوں میں پلانٹیشن کی جائے، افسران کو ہدایت**

**منصوبوں کی بروقت تکمیل و شفافیت حکومتی کارکردگی کی اہم نشانی ہے، ان کی مسلسل مانیٹرنگ جاری رہے گی، ڈپٹی کمشنرز کانفرنس سے خطاب**

کوئٹہ (خ ن) چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان کی زیر صدارت ڈپٹی کمشنرز کانفرنس منعقد ہوئی جس میں صوبے بھر میں عوام کی فلاح و بہبود، بنیادی سہولیات کی فراہمی اور ترقیاتی منصوبوں کی تیز رفتار تکمیل، غیر قانونی طور پر مقیم تارکین وطن کی واپسی کے امور کا تفصیلی جائزہ لیا گیا اس موقع پر متعلقہ سیکرٹریز، ڈپٹی کمشنرز، کمشنرز نے شرکت کی چیف سیکرٹری نے تمام افسران کو ہدایت کی کہ عوام کی خدمت کیلئے ......... بقیہ 27 صفحہ نمبر 7 پر

ہر وقت حاضر رہیں اور اپنے محکموں کو عوامی شکایات کے فوری ازالے کیلئے مزید متحرک کریں انہوں نے کہا کہ پانی، صحت، تعلیم اور سڑکوں سمیت بنیادی سہولیات کی فراہمی اہم صوبائی ترجیحات میں شامل ہیں اور ان کی فراہمی کو مزید فعال بنایا جائے، اس موقع پر اجلاس کو بتایا گیا کہ مانیٹرنگ اینڈ ایویلیوایشن سیکشن کے تحت 516 منصوبوں کی تکمیل کو یقینی بنایا گیا ہے، مانیٹرنگ کو مزید موثر بنا کر باقی منصوبوں کی جلد تکمیل یقینی بنائی جائے پی ایس ڈی پی کے پہلے اور دوسرے مرحلے میں کل 4,047 ترقیاتی منصوبے شروع کیے گئے تھے جن میں سے تقریباً 90 فیصد منصوبے مکمل ہو چکے ہیں

CamScanner

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 2 Dated: 05 AUG 2026 Page No. 18

## چین نے سینڈک کاپر گولڈ پروجیکٹ پر کام بند نہیں کیا، خبروں میں صداقت نہیں

**ایک بڑے پروجیکٹ میں سرمایہ کاری کیلئے چین کی کمپنی نے حال ہی میں پاکستان کا دورہ کیا، ترجمان وزارت منصوبہ بندی**

اسلام آباد (تنویر ہاشمی) چین نے سینڈک کاپر گولڈ پروجیکٹ پر کام بند نہیں کیا، خبروں میں صداقت نہیں، چین کی سینڈک میٹلز لمیٹڈ کمپنی بلوچستان میں سینڈک کاپر گولڈ پروجیکٹ پر بدستور کام کر رہی ہے اور سرمایہ کاری واپس لینے کی خبروں اور بیانات میں کوئی صداقت نہیں ہے۔ نہ ہی سینڈک پروجیکٹ بند کیا گیا ہے۔ وزارت منصوبہ بندی کے ترجمان نے کہا ہے کہ ایک بڑے پروجیکٹ میں سرمایہ کاری کے لیے چین کی کمپنی نے حال ہی میں پاکستان کا دورہ کیا اور ابتدائی سٹڈی مکمل کی ہے۔ چین کی ریکوڈک اور سینڈک میں جو کہ چین کی سرکاری کمپنی ایم سی سی کی ذیلی کمپنی ہے، سینڈک میں کام کی لیز میں 2022 میں توسیع کی گئی تھی اور یہ کمپنی سینڈک منصوبے پر کام جاری رکھے ہوئے ہے۔ سینڈک میٹلز لمیٹڈ کمپنی نے واضح کیا کہ منصوبہ بند نہیں ہوا، دوسری جانب وفاقی اور صوبائی حکومت نے بلوچستان میں امن و امان کی صورتحال کے باعث سرمایہ کاروں کی سیکیورٹی میں مزید اضافہ کیا ہے۔

## بلوچستان اسمبلی کا اجلاس آج ہوگا

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) بلوچستان اسمبلی کا اجلاس آج سہ پہر تین بجے ہوگا، اجلاس میں وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی، صوبائی وزراء میر صادق عمرانی، میر ظہور احمد بلیدی، میر شعیب نوشیروانی، فیصل خان جمالی اور پارلیمانی سیکرٹری میر برکت علی رند 5 اگست 2019 کو بھارت کی جانب سے بھارتی آئین کے آرٹیکل 370 اور 35 (اے) کو یکطرفہ طور پر منسوخ کرنے کے غیر آئینی وغیر قانونی اقدام کے خلاف اور 5 اگست کو یوم استحصال کے طور پر منانے کی توثیق، مقبوضہ جموں و کشمیر کے عوام کی جدوجہد ہمت اور لازوال قربانیوں کو خراج تحسین پیش اور مکمل یکجہتی کے اظہار سے متعلق قرارداد پیش کریں گے۔

INTEKHAB QUETTA

## بلوچستان اور خیبر پختونخوا میں امن و امان کی صورتحال تشویشناک ہے، ایچ آر سی پی

**خاران اور سوات حملوں میں ملوث عناصر کو انصاف کے کٹہرے میں لا کر شہریوں کے تحفظ کیلئے ٹھوس اقدامات کیے جائیں، بیان**

لاہور (این این آئی) ہیومن رائٹس کمیشن آف پاکستان نے سوات میں ہونے والے خودکش حملے کی شدید مذمت کرتے ہوئے واقعے کی شفاف اور غیر جانبدار تحقیقات کا مطالبہ کیا ہے۔ کمیشن نے کہا ہے کہ حملے کے ذمہ دار عناصر کو فوری طور پر قانون کے کٹہرے میں لایا جائے۔ ایچ آر سی پی نے خاران میں پولیس تھانے اور محکمہ انسداد دہشت گردی (سی ٹی ڈی) کے دفاتر پر ہونے والے حملوں کو بھی انتہائی تشویشناک قرار دیتے ہوئے کہا کہ خیبر پختونخوا اور بلوچستان میں امن و امان کی صورتحال مسلسل سنگین ہوتی جا رہی ہے۔ کمیشن نے زور دیا کہ شہریوں اور قانون نافذ کرنے والے اداروں کے اہلکاروں کی جان و مال کا تحفظ ریاست کی بنیادی ذمہ داری ہے۔ بیان میں کہا گیا کہ دہشت گردی کے خلاف تمام اقدامات قانون کی حکمرانی اور انسانی حقوق کے احترام کے اصولوں کے مطابق ہونے چاہئیں۔ ایچ آر سی پی نے حکومت سے مطالبہ کیا کہ سوات اور خاران حملوں میں ملوث عناصر کو انصاف کے کٹہرے میں لایا

بقیہ نمبر 1 صفحہ 5 پر

جائے اور متاثرہ علاقوں میں شہریوں کے تحفظ کو یقینی بنانے کے لیے مؤثر اقدامات کیے جائیں۔

## جامعہ مکران، مستحق طلباء و طالبات میں اسکالرشپ لیٹر کی تقسیم

**علمی میدان میں بہترین کارکردگی دکھانے والے طلبا کی حوصلہ افزائی کی جائیگی، وائس چانسلر پروفیسر سادات**

پنجگور (انتخاب نیوز) یونیورسٹی آف مکران پنجگور میں چائنیز ایمبیسڈر اسکالرشپ کے تحت مستحق طلباء و طالبات میں اسکالرشپ لیٹرز تقسیم کرنے کی تقریب ہوئی۔ اسکالرشپ چائنیز ایمبیسڈر کی جانب سے یونیورسٹی آف مکران کو فراہم کیا گیا جبکہ یونیورسٹی آف مکران نے اسے شفاف Based-Need ProgramScholarship کے تحت مالی طور پر مستحق طلباء و طالبات

بقیہ نمبر 4 صفحہ 5 پر

میں تقسیم کیا۔ تقریب کے مہمان خصوصی، وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر محمد سادات بلوچ نے منتخب طلباء و طالبات میں اسکالرشپ لیٹرز تقسیم کیے۔ اس موقع پر ایڈمن یونیورسٹی آف مکران ڈاکٹر محمد یونس بلوچ، ڈائریکٹر اسٹوڈنٹس افیئرز، اساتذہ اور طلبہ موجود تھے۔ وائس چانسلر یونیورسٹی آف مکران نے اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے کہا کہ یونیورسٹی آف مکران ہمیشہ اس بات پر یقین رکھتی ہے کہ کوئی بھی باصلاحیت طالب علم صرف مالی مشکلات کی وجہ سے اعلیٰ تعلیم سے محروم نہ رہے۔ انہوں نے چائنیز ایمبیسیڈر کی جانب سے فراہم کی گئی اس گرانقدر اسکالرشپ کو پاک چین دوستی، باہمی احترام اور تعلیمی تعاون کا عملی مظہر قرار دیتے ہوئے اس اقدام کو سراہا۔ وائس چانسلر نے بتایا کہ یونیورسٹی آف مکران میں پہلی مرتبہ باقاعدہ پروگرام کا آغاز کیا گیا جس کے تحت مالی طور پر مستحق طلباء و طالبات کی معاونت کے لیے ایک منظم اور شفاف نظام وضع کیا گیا ہے۔ چائنیز ایمبیسیڈر اسکالرشپ کو بھی اسی پروگرام کے تحت تقسیم کیا گیا تاکہ یہ سہولت حقیقی مستحق طلباء و طالبات تک پہنچ سکے۔ وائس چانسلر نے اس بات پر زور دیا کہ یونیورسٹی آف مکران نہ صرف ضرورت مند طلبا کی مالی معاونت کے لیے اقدامات کر رہی ہے بلکہ میرٹ اسکالرشپ پروگرام بھی باقاعدگی سے جاری رکھے ہوئے ہے، جس کے تحت نمایاں تعلیمی کارکردگی کا مظاہرہ کرنے والے طلباء و طالبات کو ان کی اہلیت اور میرٹ کی بنیاد پر اسکالرشپس دی جاتی ہیں۔ اس طرح یونیورسٹی ایک جانب مستحق طلبا کی معاونت کو یقینی بنا رہی ہے جبکہ دوسری جانب علمی میدان میں بہترین کارکردگی دکھانے والے طلبا کی حوصلہ افزائی بھی کر رہی ہے۔ انہوں نے اس عزم کا اظہار کیا کہ یونیورسٹی مستقبل میں بھی قومی اور بین الاقوامی اداروں کے تعاون سے مزید اسکالرشپ پروگرام متعارف کرانے کے لیے بھرپور کوششیں جاری رکھے گی۔

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. 3

Dated: 05 AUG 2026 Page No. 18

# ہم اپنے قومی اختیار و حقوق سے دستبردار نہیں ہونگے نوابزادہ لشکری رئیسانی

جعلی حکومت نے مقامی ایشوز میں اضافہ کرنے کی کوشش کی ہم بھی کے ساتھ بی کے لوگوں کے حقوق کا بھی دفاع کریں گے سینئر سیاستدان

بلوچستان کی ایک کروڑ سے زائد آبادی میں 28 قومی اکائیاں ہیں اس کے باوجود یہاں معاملات ٹھیک چل رہے ہیں آئینی درخواست [illegible]

کوئٹہ (آن لائن) سینئر سیاستدان سابق سینیٹر نوابزادہ حاجی میر لشکری خان رئیسانی نے کہا ہے کہ بلوچستان پر مسلط حکومت صوبے کے مسائل میں روز بروز اضافہ کر رہی ہے اور ایسے ایشوز اٹھا رہی ہے جو اس سرزمین کے لوگوں کی ضرورت نہیں اور نہ ہی ان مسائل کی اہمیت ہے حکومت کو اس لئے مسلط کیا گیا ہے کہ وہ صوبے میں قومی حقوق سے لوگوں کو دستبردار کرا کے مسائل میں الجھائے رکھے کہ ہم قومی اختیار اور قومی حقوق سے دستبردار نہیں ہوں گے یہ بات انہوں نے ضلع حب کو بی ڈویژن میں شامل کرنے کے حکومتی فیصلے کے خلاف ........ بقیہ 43 صفحہ نمبر 7 پر

بلوچستان ہائیکورٹ میں آئینی درخواست دائر کرانے جانے کے موقع پر صحافیوں سے بات چیت کرتے ہوئے کہی اس موقع پر نوابزادہ میر

رئیسانی، میر ضیاء الرحمان مرحوم کے بیٹے میر حق نواز رئیسانی سمیت دیگر بھی موجود تھے نوابزادہ حاجی میر لشکری خان رئیسانی نے کہا کہ ضلع حب کو بی ڈویژن میں شامل کرنے کے حکومتی فیصلے کے خلاف سابق وفاقی وزیر میر ضیاء الرحمان مرحوم کے بیٹے میر حق نواز رئیسانی نے بلوچستان ہائیکورٹ میں آئینی درخواست دائر کی ہے بلوچستان حکومت نے قلات ڈویژن کا تاریخی نام ختم کر ضلع حب کو جسے آپ ڈویژن سے الگ کر کے بی ڈویژن میں شامل کیا ہے، بی کے ساتھ ہمارا کوئی تنازعہ نہیں بی ہمارے قومی وطن کا ایک حصہ اور اہم حصہ ہے لیکن جعلی حکومت نے مقامی ایشوز میں اضافہ کرنے کی کوشش کی ہے ہم بی کے ساتھ ساتھ بی کے لوگوں کے حقوق کا بھی دفاع کریں گے انہوں نے کہا کہ ٹیکنیکل پروفیشنل اداروں میں نوجوانوں کے داخلے، ملازمتوں، بجلی اور پانی کی قلت کے پانی کے معاملات ہیں یہ سب پیچیدہ ہو چکے ہیں انہوں نے کہا کہ موجودہ حکومت کو اس لئے مسلط کیا گیا ہے کہ وہ صوبے میں قومی حقوق سے لوگوں کو دستبردار کرا کے مسائل میں الجھائے رکھے مگر ہم قومی اختیار اور قومی حقوق سے دستبردار نہیں ہوں گے۔ ایک سوال پر انہوں نے کہا کہ محسن نقوی سیاسی عمل کی پیداوار نہیں وہ ہماری قومی وحدتوں کے حوالے سے حساس نہیں ان کو منصوبے کے تحت لایا گیا ہے، ہندوستان کی ایک ارب کی آبادی میں 28 قومی اکائیاں اور آٹھ یونینز ہیں اس کے باوجود وہ اپنے معاملات کو ٹھیک چلا رہے ہیں صرف اتر پردیش کی آبادی 24 کروڑ ہے لیکن وہاں اس قسم کے بحران نہیں، پاکستان میں معاشی انتظامی اور سیاسی بحران ریاست کی ناہلی انتظام کے پیدا کردہ ہیں 29، 30 اور 31 اگست کو کوئٹہ میں ہونے والے پشتون جرگہ سے متعلق ایک سوال پر انہوں نے کہا کہ خدا کرے یہ امن کا جرگہ ہو اور اس سرزمین کے مفاد میں ہو۔

# جماعت اسلامی سلگتے مسائل کے حل کیلئے کوشاں ہے مولانا ہدایت الرحمن

7 اگست کو بلوچستان کی مین شاہراہیں، کوسٹل و نیشنل ہائی ویز بلاک کر کے دھرنا دیں گے، امیر جماعت اسلامی

عوام کے حقوق کے تحفظ، امن کے قیام اور مسائل کے حل کیلئے ہر سطح پر جدوجہد جاری رکھیں گے، تیاریوں کے حوالے سے منعقدہ اجلاس سے خطاب

کوئٹہ (آن لائن) امیر جماعت اسلامی بلوچستان ایم پی اے مولانا ہدایت الرحمان بلوچ نے کہا ہے کہ بڑھتی ہوئی بدامنی، بدعنوانی، بارڈر بندش، پیٹرولیم مصنوعات پر بھتہ، بے روزگاری، مہنگائی کے خلاف جمعہ 7 اگست بلوچستان کو مین شاہراہیں کوسٹل ہائی وے نیشنل ہائی وے سمیت تمام ہائی ویز بلاک کر کے دھرنے دیں گے قومی و صوبائی سطح پر ٹرانسپورٹرز، تاجر برادری و عوام ساتھ دیں گے تقسیم کار کر کے تمام اضلاع کو ہدایت جاری کر دی گئی ہیں کوئٹہ میں لکپاس، میاں غنڈی، تیرہ میل کولپور، چمن کوڑک سمیت پشین، مسلم باغ، قلعہ سیف اللہ ........ بقیہ 36 صفحہ نمبر 7 پر

، قلعہ عبداللہ، ژوب، لورالائی، سبی، کچھی بولان، جعفرآباد، نصیرآباد، مستونگ، خضدار، وڈھ، لسبیلہ، حب، پنجگور، تربت اور گوادر میں شاہراہوں کو بند کرنے کیلئے ذمہ داران و کارکنان کو الرٹ کر دیا گیا ہے ان خیالات کا اظہار انہوں نے جماعت اسلامی کے صوبائی سیکرٹریٹ کوئٹہ میں 7 اگست کی ہڑتال کی تیاریوں کے حوالے سے جماعت اسلامی کوئٹہ کے ورکرز کنونشن سے خطاب کرتے ہوئے کیا اس موقع پر امیر ضلع کوئٹہ عبدالنعیم رند و دیگر ذمہ داران نے اب تک تیاریوں تقسیم کار و آئندہ لائحہ عمل کے حوالے سے بریفنگ دیتے ہوئے بتایا کہ قومی کاز قومی اجتماعی مسائل کے حل کیلئے 7 اگست ہڑتال کے حوالے سے ٹرانسپورٹرز تاجروں سمیت ہر طبقہ فکر کے لوگ ساتھ دے رہے ہیں جہاں ہم جاتے ہیں لوگ خوش ہوتے ہیں کہ صرف جماعت اسلامی ہے جو عوامی سلگتے مسائل کو اجاگر اور حل کی کوشش کر رہی ہے اس موقع پر مولانا ہدایت الرحمان بلوچ نے مزید کہا کہ عوام کو درپیش دیگر سنگین مسائل کے خلاف جماعت اسلامی نے صوبہ بھر میں بھرپور عوامی رابطہ مہم کا آغاز کر دیا ہے۔ 7 اگست بروز جمعہ شام 4 بجے بلوچستان کے 12 اضلاع میں اہم مقامات پر عوامی اجتماعات، روڈ بلاک اور احتجاجی پروگرام منعقد کیے جائیں گے۔

# پشتونخوامیپ کانفرنس میں نئی قیادت کا انتخاب عوامی مسائل پر تشویش

امن وامان، شناختی کارڈز کی بندش، بجلی بحران اور پانی کی قلت اور عوامی مسائل کے حل کا مطالبہ

منتخب تنظیمی عہدیداروں کو پارٹی کو مزید فعال، منظم اور عوام سے مضبوط رابطے کے ذریعے مستحکم بنانے کی ہدایت

پشین (این این آئی) پشتونخوا ملی عوامی پارٹی ضلع پشین کے زیر اہتمام تحصیل بوستان اور تحصیل کاریزات خانوزئی کی تنظیمی کانفرنسیں ضلع سیکرٹری عمر خان ترین کی زیر صدارت منعقد ہوئیں۔ تحصیل بوستان کانفرنس میں صداقت اللہ کو تحصیل صدر، سیف اللہ کو جنرل سیکرٹری جبکہ دیگر نو معاونین کو کابینہ میں شامل کیا گیا، جن سے ضلع سینئر معاون سیکرٹری حاجی اکبر نے حلف لیا۔ کانفرنس سے پارٹی کے مرکزی جنرل سیکرٹری عبدالرحیم زیارتوال، ضلع سیکرٹری عمر خان ترین، ضلع سینئر معاونین اکرم بوستانی، واجد دلشاپال، ضلع ایگزیکٹو کے اراکین علی محمد کلیوال ........ بقیہ 21 صفحہ نمبر 7 پر

، ڈاکٹر حبیب صاحب، نیاز محمد نیاز، عبیداللہ پانیزئی، عنایت اللہ کاکڑ اور دیگر مقررین نے خطاب کیا۔ تحصیل کاریزات خانوزئی کانفرنس میں محب الرحمن گل کو تحصیل صدر، حاجی نجیب اللہ کو جنرل سیکرٹری جبکہ 15 معاونین کو کابینہ میں شامل کیا گیا، جن سے حاجی اکبر نے حلف لیا۔ اس کانفرنس سے عمر خان ترین، واجد دلشاپال، علی محمد کلیوال، عبیداللہ پانیزئی، محمد دین رودوال، ڈاکٹر محب اللہ، منیر شاکر، محمد دین باچا، نظر محمد پانیزئی اور دیگر مقررین نے خطاب کیا۔ مقررین نے کہا کہ امن وامان اس وقت عوام کا سب سے اہم مسئلہ بن چکا ہے اور ان کے بقول فارم 47 کی حکومت ایک جانب عوام کے جان و مال کے تحفظ میں مکمل طور پر ناکام ہو چکی ہے، جبکہ دوسری جانب امن کے قیام اور حکومتی رٹ سے متعلق بیانات محض تسلی کے سوا کچھ نہیں۔ انہوں نے کہا کہ عوام کی امیدیں پشتونخوا ملی عوامی پارٹی کے چیئرمین محمود خان اچکزئی کے اعلان کردہ جرگے سے وابستہ ہیں، جس میں ہر مکتب فکر کے نمائندوں کو دعوت دی جائے گی اور تین روزہ جرگے کے دوران پشتون قوم اور پشتون وطن کو درپیش صورتحال کے حل کے لیے تجاویز حاصل کر کے متفقہ رائے کی روشنی میں آئندہ کا لائحہ عمل مرتب کیا جائے گا۔ مقررین نے کہا کہ ضلع پشین اور گرد و نواح میں امن وامان کی صورتحال انتہائی ابتر ہو چکی ہے، شاہراہیں غیر محفوظ ہیں جبکہ لوٹ مار، قتل، چوری، ڈکیتی، اغوا برائے تاوان اور بھتہ خوری کے واقعات نے عوام کو عدم تحفظ کا شکار بنا دیا ہے۔

CamScanner

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. 4

Dated: 05 AUG 2026 Page No. 20


## کوئٹہ: سیٹلائٹ ٹاؤن میں موٹر سائیکل سواروں کی فائرنگ سے 2 افراد زخمی

### پولیس نے میگزین قبضے میں لے کر مزید کارروائی شروع کردی

کوئٹہ (آن لائن) سیٹلائٹ ٹاؤن کے علاقے میں نامعلوم موٹر سائیکل سواروں نے فائرنگ کرکے 2 افراد کو زخمی کردیا جنہیں ہسپتال منتقل کردیا گیا پولیس کے مطابق گزشتہ روز سیٹلائٹ ٹاؤن کے علاقے میں نامعلوم موٹر سائیکل سواروں نے فائرنگ کرکے عبید اللہ اور ایک نامعلوم شخص کو زخمی کردیا اور فرار ہوگئے پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے میگزین برآمد کرکے قبضے میں لے لیا اور ملزمان کے خلاف کارروائی شروع کردی۔

## خاران: شوروم میں ڈکیتی کی واردات

### چور 7 موٹر سائیکلیں لے اڑے

خاران (رپورٹ محمد علی محمدحسنی) گزشتہ شب شوروم میں چوری کی واردات، چور دکان کے تالے توڑ کر 7 ہنڈا موٹر سائیکلیں لے اڑے، خاران میں چوری کے واقعہ اور ڈکیتی ہونے والی کے خلاف انجمن تاجران کی کال پر شہر میں شٹرڈاؤن، کاروباری مراکز اور مالیاتی ادارے بند ہے۔

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No 5 Dated 05 AUG 2026 Page No. 21

## خضدار: غیر اعلانیہ لوڈ شیڈنگ سے عوام کو مشکلات کا سامنا

**شدید گرمی، کم وولٹیج اور پانی کی قلت نے شہریوں کا جینا دوبھر کر دیا**

**کھنان کے عوام کا چیف کیسکو سے بجلی کی فراہمی بہتر بنانے کا مطالبہ**

خضدار (بیورو رپورٹ) خضدار کے علاقے کھنان میں شدید گرمی کے باوجود واپڈا کی جانب سے طویل اور غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ نے شہریوں کی زندگی اجیرن بنا دی ہے۔ دن ہو یا رات، غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ، کم وولٹیج اور بجلی کی آنکھ مچولی کے باعث گھروں کا سکون ختم ہو چکا ہے۔ اس صورتحال میں معصوم بچے، بزرگ شہری اور گھروں تک محدود مریض شدید اذیت سے دوچار ہیں۔ بجلی کی بندش کے باعث پانی کی قلت بھی شدت اختیار کر گئی ہے کیونکہ موٹریں بند پڑی ہیں۔ ڈاکٹروں کے مطابق گرمی، لو اور گندگی کے باعث ملیریا سمیت دیگر وبائی امراض بھی تیزی سے پھیل رہے ہیں، جبکہ ہسپتالوں میں بھی بجلی کی عدم دستیابی کے باعث مریضوں کو بنیادی سہولیات فراہم نہیں ہو رہیں۔ کھنان کے عوامی، سیاسی اور سماجی حلقوں نے اس صورتحال پر شدید تشویش کا اظہار کرتے ہوئے سماجی رہنما رئیس اعجاز مینگل نے میڈیا نمائندوں سے گفتگو میں کہا کہ واپڈا انتظامیہ نے عوام کو شدید گرمی میں تڑپنے کے لیے چھوڑ دیا ہے اور لوڈشیڈنگ کا کوئی شیڈول بھی جاری نہیں کیا جا رہا۔ انہوں نے مطالبہ کیا کہ غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ کا فوری خاتمہ کیا جائے اور اگر عوامی مسائل حل نہ کیے گئے تو عوام کے ساتھ مل کر سخت احتجاج کیا جائے گا۔ آخر میں اہلیانِ کھنان نے چیف کیسکو بلوچستان سے اپیل کی کہ صورتحال کا نوٹس لے کر بجلی کی فراہمی بہتر بنائی جائے۔

INTEKHAB QUETTA

## خضدار، پٹرولیم قیمتوں میں اضافہ، فیصلہ واپس لیا جائے، عوامی حلقے

**عوام مہنگائی کی چکی میں پس رہے ہیں اور حکمرانوں کی عیاشیاں ختم ہونے کا نام نہیں لے رہیں، گفتگو**

خضدار (بیورو رپورٹ) پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں آئے روز اضافے کی وجہ سے ملک بھر کے عوام شدید پریشانی کا شکار ہیں، حکمرانوں کی عیاشیاں اب بھی کم نہ ہوئیں سادہ لوح عوام مہنگائی کی چکی میں پس رہے ہیں، پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں اضافہ عوام کے لئے ناقابل برداشت ہے۔ ان خیالات کا اظہار خضدار کے عوامی و سیاسی حلقوں نے میڈیا نمائندوں سے گفتگو

بقیہ نمبر 19 صفحہ 5 پر

کرتے ہوئے کیا۔ انہوں نے کہا کہ پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں ہر روز لگاتار اس روپے کے اضافے پر عوامی حلقوں نے شدید تنقید کرتے ہوئے کہا کہ حکمرانوں کی عیاشیاں کم ہونے کا نام ہی نہیں لے رہیں، حکمرانوں کو عوام کی مشکلات کا احساس نہیں اور وہ اپنی عیاشیوں میں مصروف ہیں۔ عوامی حلقوں کا مطالبہ ہے کہ حکومت آئے روز پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں رد و بدل کے فیصلے کو فوری طور پر واپس لے اور عوام کو مہنگائی سے نجات دلائے، اگر اس فیصلے کو واپس نہ لیا گیا تو عوام سڑکوں پر نکل آئیں گے۔ پٹرول کی نئی قیمت 331 روپے 70 پیسے اور ڈیزل کی نئی قیمت 385 روپے 30 پیسے کر دی گئی ہے۔ عوامی حلقوں کا کہنا ہے کہ اس طرح کا اضافہ نہ صرف عوام کی جیب پر بوجھ ہے بلکہ ملک کی معاشی حالت کو بھی خراب کرے گا۔ حکومت کو چاہیے کہ وہ عوام کی مشکلات کو مدنظر رکھتے ہوئے ہر روز کے رد و بدل کے فیصلے کو واپس لے۔

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: AZADI QUETTA

Bullet No. 5

Dated: 05 AUG 2026 Page No. 22

# پنجگور کے دیہی یونین کونسلز کے عوام سڑکوں کی سہولت سے محروم

## سیڈے سر ایراپ سے سڑک کو تعمیر کے نام پر ایک سال قبل توڑا گیا جو حصے قابل سفر تھے وہ باعث مصیبت بن گئے

## لوگوں کی قیمتی گاڑیاں ناکارہ ہورہی ہیں زمیندار طبقہ بھی شدید معاشی مشکلات سے گزر رہا ہے نوٹس لیا جائے

پنجگور (این این آئی) پنجگور کے دیہی یونین کونسل کھنگ سمیت یونین کونسل ایراب ڈب کے مکین 21 ویں صدی میں بھی سڑکوں کی سہولت سے محروم ہیں بلکہ یوں کہیں کہ یہ علاقے پتھر کے دور سے گزر رہے ہیں تو غلط نہیں ہوگا سیڈے سر ایراپ سے سڑک کو تعمیر کے نام پر ایک سال قبل توڑا گیا جو حصے قابل سفر تھے وہ باعث مصیبت بن گئے اسی طرح پنجگی پولیس اسٹیشن سے روڈ کو دوبارہ تعمیر کی غرض توڑا گیا جس سے روڈ کا پورا کا پورا حلیہ ہی بگاڑ کر رکھ دیا گیا جس پر سفر کرنا انتہائی مشکل اور تکلیف دہ بن چکا ہے شہریوں کو 15 کلومیٹر کا فاصلہ طے کرنے میں ایک گھنٹہ سے زائد کا وقت لگتا ہے لوگوں کی قیمتی گاڑیاں ناکارہ ہورہی ہیں زمیندار طبقہ بھی شدید معاشی مشکلات سے گزر رہا ہے یونین کونسل کھنگ میں ایک ہزار سے زائد زرعی ٹیوب ویلز ہیں جن پر ہزاروں خاندانوں (بقیہ نمبر 5 صفحہ نمبر 5 پر)

کی گزر بسر ہے روڈ کی خستہ حالی کی وجہ سے زمیندار طبقہ بری طرح سے متاثر ہے ساتھ میں ایراپ اور کھنگ کے ہزاروں مکین بھی مصیبتوں کا سامنا کررہے ایراپ سیڈے سر تا پنجگی تھانہ روڈ نیشنل پارٹی سے منسوب ہے جبکہ پنجگی تھانہ سے کھنگ لنک روڈ کا کام بی این پی عوامی کی طرف سے شروع کیا گیا مگر بدقسمتی سے دونوں جماعتیں تاحال کھنگ اور ایراپ جہاں یہ ہر الیکشن میں ہزاروں ووٹ لیتے آئے ہیں اپنے ووٹرز کو ایک پختہ سڑک بھی نہیں دے سکے ہیں البتہ جو ضرورتی کچی سڑک موجود تھی اسکا بھی حلیہ بگاڑ کر رکھ دیا ہے اہلیان کھنگ اور ایراپ نے دونوں جماعتوں کی طرف سے روا رکھی گئی سلوک پر حیرت کا اظہار کیا ہے انکا کہنا ہے کہ ایراپ اور کھنگ کے مکینوں کا یہی قصور ہے کہ وہ ہر مرتبہ ان جماعتوں کو ووٹ دیتے آئے ہیں مگر انکی طرف سے جو صلہ مل رہا ہے وہ انتہائی افسوسناک ہے روڈ تعمیر نہیں کرسکتے تھے تو یہاں کے ہزاروں شہریوں کو اس کرب ناک صورتحال سے دوچار بھی نہیں کرتے اہلیان کھنگ اور ایراپ نے فوری طور پر روڈ کی تعمیر کا مطالبہ کیا اور کہا کہ یہ سڑک ان دو جماعتوں کے بلند و بانگ دعووں کی نفی ہے ہر گزرنے والا شخص صرف بددعائیں کرتا ہے کیونکہ یہ سڑک جس طرح لوگوں کے لیے باعث تکلیف دہ ہے شاید نمائندے اس پر کسی عام گاڑی میں ایک دو مرتبہ سفر کرتے تو شاید انکو عوام کی تکلیف اور مشکلات کا احساس ہوتا

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: AZADI QUETTA

Bullet No. 6

Dated: 05 AUG 2026 Page No. 23


# وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کا چیف منسٹر یوتھ ایمپلائمنٹ پروگرام، ایک انقلابی قدم

بلوچستان کے نوجوانوں کو جدید تکنیکی علوم سے آراستہ کرنے اور انہیں روزگار کے پائیدار مواقع فراہم کرنے کے لیے وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے چیف منسٹر یوتھ ایمپلائمنٹ پروگرام کے تحت ایک تاریخی اور احسن اقدام کا آغاز کردیا ہے۔ اس پروگرام کے تحت صوبہ بھر کے 1000 ہونہار اور باصلاحیت نوجوانوں کو پاکستان کے نامور اور مایہ ناز سافٹ ویئر ہاؤسز میں عملی تربیت اور باقاعدہ روزگار فراہم کیا جائے گا۔ بی ٹیوٹا اور کیوٹیک کی مشترکہ کاوش یہ فلیگ شپ پروگرام بلوچستان ٹیکنیکل ایجوکیشن اینڈ ووکیشنل ٹریننگ اتھارٹی (B-TEVTA) کی زیرِ نگرانی کیوٹیک (Q-Tech) کے اشتراک سے مکمل کیا جارہا ہے۔ پروگرام کے شفاف انعقاد کے لیے آن لائن پورٹل کے ذریعے درخواستیں موصول کی گئی تھیں جس کے بعد اب عمل درآمد کے اگلے مرحلے کا باقاعدہ آغاز ہو چکا ہے۔ شفافیت اور میرٹ کو یقینی بنانے کے لیے گزشتہ تین روز سے بلوچستان کے تمام اضلاع سے آئے ہوئے ہزاروں طلبہ و طالبات کے شارٹ لسٹنگ ٹیسٹ اور انٹرویوز جاری ہیں۔ صوبے کے دور دراز اضلاع سے تعلق رکھنے والے نوجوانوں کی بڑی تعداد میں شرکت اس بات کا ثبوت ہے کہ صوبے میں تکنیکی شعبے کی طرف رغبت میں اضافہ ہو رہا ہے۔ اس منفرد اور انقلابی پروگرام کی سب سے اہم خصوصیت یہ ہے کہ منتخب ہونے والے تمام نوجوانوں کی تربیت، رہائش اور دیگر تمام تر اخراجات حکومتِ بلوچستان، بی ٹیوٹا کے توسط سے خود برداشت کرے گی۔ نوجوانوں پر کسی قسم کا مالی بوجھ نہیں ڈالا جائے گا تاکہ وہ مکمل توجہ اپنی ہنرمندی اور روزگار پر مرکوز رکھ سکیں۔ صوبے کے تمام اضلاع سے آئے ہوئے طلبہ و طالبات اور ان کے سرپرستوں نے وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کے اس روشن خیال اور روزگار دوست اقدام کی شدید پذیرائی کی ہے۔ نوجوانوں کا کہنا ہے کہ آئی ٹی (IT) کے شعبے میں اس نوعیت کی پیشہ ورانہ تربیت سے نا صرف بلوچستان کا ٹیلنٹ قومی اور بین الاقوامی سطح پر ابھر کر سامنے آئے گا بلکہ صوبے میں بے روزگاری کے خاتمے میں بھی سنگِ میل ثابت ہوگا۔ چیف منسٹر یوتھ ایمپلائمنٹ پروگرام یقیناً انتہائی خوش آئند اور انقلابی قدم ہے اس سے صوبے کے نوجوان مستفید ہونگے، انہیں روزگار کے مواقع فراہم ہونے کے ساتھ ایک تابناک مستقبل بھی ملے گا۔ بلوچستان کے نوجوانوں میں بھرپور صلاحیت موجود ہے ان پر سرمایہ کاری کے ذریعے انہیں روشن مستقبل فراہم کیا جاسکتا ہے۔ وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی صوبے کے نوجوانوں پر سرمایہ کاری اور خصوصی توجہ قابل تعریف ہے۔ چیف منسٹر یوتھ ایمپلائمنٹ پروگرام سے نوجوان بھرپور فائدہ اٹھا کر صوبے کی ترقی و خوشحالی میں کلیدی کردار ادا کرینگے۔

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: QUDRAT QUETTA

Bullet No. 6

Dated: 05 AUG 2026 Page No 24

# بلوچستان کی حقیقی تصویر۔۔۔امن، ترقی اور اعتماد کی بحالی کا مشترکہ امتحان

وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے ایک نجی ٹی وی پروگرام میں صوبے کے حالات، قومی میڈیا کے رویے، انتظامی اصلاحات، دہشت گردی، نوجوانوں کی فلاح اور حکومتی ترجیحات پر تفصیلی گفتگو کرتے ہوئے کہا ہے کہ بلوچستان کی صورتحال کو نہ مکمل طور پر مثالی قرار دیا جا سکتا ہے اور نہ ہی وہ انتہائی منفی تصویر حقیقت کی مکمل نمائندگی کرتی ہے جو بعض حلقوں کی جانب سے ملک اور بیرونِ ملک پیش کی جاتی ہے۔ ان کا یہ موقف بظاہر ایک متوازن نکتہ ہے، کیونکہ بلوچستان کے بارے میں قومی بحث اکثر دو انتہاؤں میں تقسیم دکھائی دیتی ہے۔ ایک طرف صوبے کے ہر مسئلے، محرومی اور بدامنی کو نظرانداز کرتے ہوئے سب کچھ معمول کے مطابق دکھانے کی کوشش کی جاتی ہے، جبکہ دوسری طرف بلوچستان کو مکمل طور پر ایک ناکام، غیر محفوظ اور ریاست سے لاتعلق خطہ بنا کر پیش کیا جاتا ہے۔ حقیقت یقیناً ان دونوں تصورات سے زیادہ پیچیدہ، متنوع اور گہری ہے۔ بلوچستان رقبے کے لحاظ سے پاکستان کا سب سے بڑا صوبہ ہے، لیکن آبادی منتشر، آبادیاں ایک دوسرے سے دور، مواصلاتی ڈھانچہ محدود اور متعدد اضلاع جغرافیائی طور پر دشوار گزار ہیں۔ صوبے کی طویل بین الاقوامی سرحدیں، ساحلی پٹی، پہاڑی علاقے اور کمزور شہری بنیادی ڈھانچہ انتظامی و سیکیورٹی چیلنجز کو دوسرے صوبوں کے مقابلے میں زیادہ پیچیدہ بنا دیتے ہیں۔ ایسے میں بلوچستان کے مسائل کو صرف ایک واقعے، ایک ضلع، ایک احتجاج یا ایک سیکیورٹی کارروائی کی بنیاد پر سمجھنا درست نہیں ہوگا۔ صوبے کے اندر حالات ضلع بہ ضلع مختلف ہیں۔ کہیں ترقیاتی سرگرمیاں تیزی سے جاری ہیں، کہیں بنیادی سہولتوں کی شدید کمی ہے، کہیں امن و امان نسبتاً بہتر ہے اور کہیں دہشت گردی اور جرائم نے عوام کی روزمرہ زندگی کو متاثر کر رکھا ہے۔ وزیراعلیٰ کا یہ شکوہ بجا ہے کہ قومی میڈیا بلوچستان کو اکثر صرف ناخوشگوار واقعات کے وقت یاد کرتا ہے۔ دہشت گردی، دھماکوں، ٹارگٹ کلنگ، احتجاج، سیاسی کشیدگی یا قدرتی حادثے کے وقت بلوچستان قومی ٹی وی چینلز اور اخبارات کی سرخیوں میں آ جاتا ہے، لیکن کسی اسکول کی بحالی، ہسپتال کی بہتری، نوجوانوں کے لیے روزگار پروگرام، کسی شاہراہ کی تکمیل یا انتظامی اصلاح کو شاید ہی ایسی توجہ ملتی ہو۔ اس عدم توازن کا نتیجہ یہ نکلتا ہے کہ ملک کے دوسرے حصوں میں بلوچستان کے بارے میں ایک ایسی تصویر بنتی ہے جس میں مسائل تو نمایاں ہوتے ہیں لیکن صوبے کے عوام کی محنت، صلاحیت، ثقافت، سیاسی شعور اور ترقی کی خواہش پس منظر میں چلی جاتی ہے۔ تاہم اس مسئلے کا دوسرا رخ بھی نظرانداز نہیں کیا جا سکتا۔ حکومت اگر چاہتی ہے کہ میڈیا مثبت اقدامات کو جگہ دے تو اسے ان اقدامات کی مکمل، مستند اور قابلِ تصدیق معلومات بھی فراہم کرنا ہوں گی۔ صرف یہ کہنا کافی نہیں کہ ہزاروں اساتذہ بھرتی کیے گئے، تمام اسکول فعال ہو گئے یا ہسپتالوں کی کارکردگی میں نمایاں بہتری آئی ہے۔ عوام کو بتایا جانا چاہیے کہ کتنے اسکول واقعی تدریسی سرگرمیاں انجام دے رہے ہیں، کتنے اداروں میں اساتذہ، فرنیچر، پانی، بجلی اور بیت الخلا کی سہولیات دستیاب ہیں، طلبہ کی حاضری کی شرح کیا ہے اور تعلیمی نتائج میں کتنی بہتری آئی ہے۔ اسی طرح ہسپتالوں میں ڈاکٹروں، ادویات، طبی آلات، آپریشن تھیٹرز اور ایمرجنسی سروسز کی صورتِ حال کے باقاعدہ اعداد و شمار جاری ہونے چاہئیں۔ تقریباً سترہ ہزار اساتذہ کی شفاف اور میرٹ پر بھرتی یقیناً ایک اہم اقدام ہو سکتا ہے، لیکن اس کی کامیابی کا اصل پیمانہ صرف تقرری ناموں کا اجرا نہیں بلکہ یہ ہوگا کہ یہ اساتذہ اپنی تعیناتی کے مقامات پر موجود ہیں، تدریسی ذمہ داریاں ادا کر رہے ہیں اور ان کی بھرتی سے تعلیمی معیار میں عملی فرق آیا ہے۔ بلوچستان میں ماضی کے دوران گھوسٹ اسکولوں، غیر حاضر اساتذہ، سیاسی تقرریوں اور کمزور نگرانی کی شکایات سامنے آتی رہی ہیں۔ اگر موجودہ حکومت واقعی میرٹ، حاضری اور جواب دہی کا نظام قائم کرنے میں کامیاب ہو جاتی ہے تو یہ صوبے کے مستقبل کے لیے کسی بڑے ترقیاتی منصوبے سے کم اہم نہیں ہوگا۔ وزیراعلیٰ نے نئے ڈویژنز اور اضلاع کے قیام کو انتظامی ضرورت قرار دیا ہے۔ بلوچستان کے وسیع رقبے اور دور افتادہ آبادیوں کو دیکھتے ہوئے چھوٹے انتظامی یونٹس قائم کرنے کی منطق قابلِ فہم ہے۔ کئی علاقوں میں شہریوں کو ایک معمولی سرکاری کام کے لیے سیکڑوں کلومیٹر سفر کرنا پڑتا ہے۔ اگر نئے اضلاع اور ڈویژنز کے قیام سے ڈپٹی کمشنر، پولیس، صحت، تعلیم، ریونیو اور دیگر محکموں کی خدمات عوام کے قریب آتی ہیں تو یہ اقدام واقعی گورننس کو بہتر بنا سکتا ہے۔ لیکن نئے انتظامی یونٹس صرف نقشے پر لکیریں کھینچنے یا نئے عہدے پیدا کرنے سے مؤثر نہیں ہوتے۔ ہر نئے ضلع کے لیے مناسب بجٹ، تربیت یافتہ افرادی قوت، سرکاری عمارتیں، ہسپتال، عدالتیں، تعلیمی ادارے، مواصلاتی نظام اور مقامی حکومتوں کا فعال ڈھانچہ ضروری ہے۔

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان

Daily: Balochistan Time Quetta

Bullet No. 6

Dated: 05 AUG 2026 Page No. 2-5

# Inflation crisis

Across Quetta and the vast towns of Balochistan, an unforgiving wave of inflation has transformed daily survival into a relentless struggle. Rising global energy costs, domestic fuel price adjustments, and persistent supply chain disruptions have sharply increased the cost of living, placing immense pressure on already vulnerable households. Diesel and petrol, the backbone of transportation, agriculture, and trade, have reached unprecedented prices, triggering a cascading rise in the cost of food, medicines, construction materials, and public transport.

For families whose incomes have remained stagnant, even basic necessities such as flour, pulses, cooking oil, vegetables, and milk have become increasingly unaffordable. In remote districts where markets are poorly connected and freight costs are significantly higher, inflation has been even more severe than in urban centres. Small businesses struggle to remain operational, farmers face rising production costs, and wage earners find their purchasing power shrinking each month.

In regions structurally isolated by vast distances and rugged terrain, the high cost of freight transport adds an extra punishing margin to every incoming commodity, hitting rural consumers with devastating force. Yet, despite the compounding miseries of soaring utility tariffs, exorbitant transport fares, and shrinking household incomes, the masses find themselves stuck in an endless limbo, perpetually waiting for tangible relief from the corridors of power.

While high-level meetings convened in provincial and federal capitals frequently generate promises of targeted subsidies, strict market monitoring, and comprehensive austerity packages, these administrative assurances rarely translate into ground-level reality. Local shopkeepers and profiteers continue to operate with near-total impunity, exploiting regulatory gaps while enforcement mechanisms remain sluggish and ineffective. For the daily-wage earner, the small shopkeeper, and the salaried clerk in Quetta, the burden of heavy petroleum levies and mismanaged economic stabilization policies has become an unbearable yoke.

Austerity theatre and symbolic governance gestures ring hollow in the face of empty kitchen plates and mounting debts. True relief cannot remain perpetually confined to files, press briefings, or temporary, one-off fixes. What the beleaguered citizens of Quetta and other towns urgently require is structural economic intervention transparent price stabilization, meaningful subsidies on essential food items, and decisive action against cartels that exploit crises for windfall gains.

Until the government moves beyond rhetorical empathy and delivers concrete, far-reaching protection to its most vulnerable populations, public alienation will deepen, and the collective despair of Balochistan will transform from a quiet endurance into an unmanageable socio-economic crisis.

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: Baakhabar Quetta

Bullet No. 6 Dated: 05 AUG 2026 Page No. 26

# ضلع کیچ میں بلوچستان سوشل ڈویلپمنٹ انیشیٹو (BSDI) ترقیاتی فنڈز اور عوامی توقعات

تحریر: چاکر بلوچ

وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کے وژن کے تحت بلوچستان سوشل ڈویلپمنٹ انیشیٹو (BSDI) حکومت بلوچستان کا ایک اہم ترقیاتی پروگرام ہے، جس کا مقصد صوبے کے پسماندہ اضلاع میں بنیادی سہولیات کی فراہمی، عوامی معیار زندگی میں بہتری اور مقامی ضروریات کے مطابق ترقیاتی منصوبوں پر عمل درآمد ہے۔

بلوچستان کے دیگر اضلاع کی طرح ضلع کیچ بھی ان اضلاع میں شامل ہے جہاں اس پروگرام کے تحت مختلف منصوبوں کے لیے فنڈز مختص کیے گئے۔ ضلع کیچ میں BSDI کے تحت پینے کے صاف پانی، سڑکوں کی تعمیر و مرمت، تعلیمی اداروں کی بحالی، صحت کی سہولیات میں بہتری، سولر توانائی اور دیگر بنیادی ڈھانچے سے متعلق متعدد منصوبے شروع کیے گئے۔ ان منصوبوں کا مقصد دور دراز علاقوں تک ترقی کے ثمرات پہنچانا اور عوام کو بنیادی سہولیات فراہم کرنا ہے۔ بلیدہ، دشت، تمپ اور دیگر علاقوں میں واٹر سپلائی اسکیمیں، سولرائزیشن، اسکولوں اور دیہی سڑکوں کے منصوبے مقامی آبادی کی دیرینہ ضروریات کو مدنظر رکھتے ہوئے منظور کیے گئے۔ اگر یہ منصوبے معیاری انداز میں مکمل ہوں تو ہزاروں خاندانوں کو براہ راست فائدہ پہنچ سکتا ہے۔ ترقیاتی فنڈز کی کامیابی کا انحصار صرف رقم مختص کرنے پر نہیں بلکہ شفافیت، بروقت تکمیل اور معیاری تعمیر پر بھی ہوتا ہے۔

عوام کی توقع ہے کہ ہر منصوبہ مقررہ مدت میں مکمل ہو اور اس کے لیے مختص فنڈز درست طور پر استعمال کیے جائیں۔ اس حوالے سے حکومتی پالیسی واضح ہے کہ تمام منصوبوں کی تفصیلات، لاگت، ٹھیکیدار، تکمیل کی مدت اور فزیکل پیش رفت عوام کے سامنے لائی جائیں گی تاکہ احتساب اور شفافیت کو یقینی بنایا جا سکے۔ اس سے عوام کا اعتماد بھی بڑھے گا اور منصوبوں کی نگرانی موثر ہوگی۔ وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے منتخب عوامی نمائندوں، ضلعی انتظامیہ اور متعلقہ محکموں پر ذمہ داری عائد کی ہے کہ وہ باقاعدگی سے منصوبوں کا معائنہ کریں اور جہاں سست رفتار کام ہو فوری کارروائی کریں۔ ضلع کیچ جیسے وسیع رقبے کے حامل علاقے میں پانی، تعلیم، صحت اور سڑکوں کے مسائل بنیادی نوعیت کے ہیں۔ اگر BSDI کے منصوبے کامیابی سے مکمل ہوتے ہیں تو نہ صرف عوامی مشکلات کم کریں گے بلکہ معاشی سرگرمیوں اور روزگار کے مواقع میں بھی اضافہ ہوگا۔ اس کے ساتھ ساتھ مقامی آبادی، سماجی تنظیموں اور میڈیا کو بھی ترقیاتی منصوبوں کی نگرانی میں شامل کیا جانا چاہیے تاکہ عوامی وسائل کا درست استعمال یقینی بنایا جا سکے۔ ضرورت اس امر کی ہے کہ ترقیاتی منصوبوں کی تکمیل کے بعد ان کی دیکھ بھال کے لیے بھی مناسب فنڈز اور انتظام وضع کیا جائے، کیونکہ کئی منصوبے تعمیر کے بعد مناسب دیکھ بھال نہ ہونے کے باعث جلد غیر فعال ہو جاتے ہیں۔ بلوچستان سوشل ڈویلپمنٹ انیشیٹو ضلع کیچ کے لیے ایک اہم موقع ہے۔ اگر اس پروگرام کے تحت مختص فنڈز بروقت اور منصوبہ بندی کے ساتھ خرچ کیے جائیں تو ضلع کیچ کی ترقی، عوامی خوشحالی اور بنیادی سہولیات کی فراہمی میں ایک اہم سنگ میل ثابت ہو سکتا ہے۔

CamScanner